DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 05.02.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | گوادر بندہ گاہ کیلئے کمیٹی تشکیل یوٹیلٹی اسٹورز کے بغیر رمضان پیکج، وزیراعظم | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | نوجوان ملازمت پر انحصار کی بجائے کاروبار پر توجہ دیں، گورنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | اقوام متحدہ کشمیریوں کو حق خودارادیت دلانے میں کردار ادا کرے، سرفراز بگٹی | انتخاب حب ودیگراخبارات |
| 04 | صوبائی وزیر سردار کھیتر ان کا کھیوڑہ سالٹ مائن کا دورہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | والدین بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں، بخت محمد کاکڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | صوبائی وزیر تعلیم کی زیرصدارت ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | مہم جوئی کا مکمل طاقت سے جواب دیں گے، آرمی چیف | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | بی ایم سی ہسپتال کے برن اور پلاسٹک سرجری یونٹ کیلئے 10 کروڑ46لاکھ جاری | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | بلوچستان کے عوامی انڈومنٹ فنڈ کے تحت 3397 مریضوں کا علاج کیا گیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | بلوچستان میں کینسر کے مرض میں تشویشناک اضافہ 10 ہزار سے زائد نئے کیس رپورٹ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 11 | کوئٹہ میں قانون کی خلاف ورزی پر 14 دکانیں اور 10 منی پمپس سیل 45 افراد جیل منتقل | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | امتحانات میں نقل کرتے پکڑے جانے والوں کو موقع پر سزائیں دینے کا فیصلہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | ہاسٹلز میں رہائشی طلباوطالبات کیلئے شناختی کارڈ اور بے فارم لازمی قرار | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | سول ہسپتال میں 35 خواتین نرسز کی کنٹریکٹ پر تعیناتی | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | شہدا کے افکار پر عمل پیرا قوانین اپنی منزل تک پہنچ پاتی ہیں، بی این پی | باخبر ودیگراخبارات |
| 16 | پارٹی چیئرمین کا بیانیہ مقبول ترین بن چکا، پشتونخوامیپ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | حکومت لاپتہ افراد کی بازیابی یقینی بنائے، وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | بدامنی میں ملوث عناصر کے نیٹ ورک کا خاتمہ ناگزیر ہے، جمعیت نظریاتی | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | رواں سال کے پہلے 7ماہ، پی ایس ڈی پی میں 6ہزار834اسکیمات شامل | جنگ ودیگراخبارات |
| 20 | صحت اور دیگر شعبوں سے تجاویز لے کر بجٹ بنایا جائے، ڈاکٹر مالک | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

کوئٹہ جیل روڈ پر فائرنگ سے ڈسٹرکٹ جیل کا اسسٹنٹ سپرٹنڈنٹ جاں بحق، 20 کروڑ کی بدعنوانی کے مقدمے میں مفرور ایس ڈی او گرفتار، لورالائی پولیس کی کارروائیاں دو افراد سمیت خاتون گرفتار 7 کلو چرس برآمد

## عوامی مسائل:

فیڈر اساتذہ کی تنخواہیں 22ماہ سے بند 12ہزار میں گھر کا چولہا نہیں جلا سکتے، سریاب روڈ کا توسیعی منصوبہ شیطان کی آنت بن گیا، رہائشیوں کو شدید مشکلات، خضدار ٹیچنگ ہسپتال میں بنیادی سہولتوں کا فقدان

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 05.02.2025

**اداریہ:**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**زرعی ٹیکس کا ملک بھر میں نفاذ**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ پیر کے روز سندھ اور بلوچستان اسمبلیوں سے منظور کردہ قوانین کی صورت میں ایک طرف زرعی آمدن پر ٹیکس پورے پاکستان میں نافذ ہو گیا دوسری جانب بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی اہم شرط بھی پوری ہو گئی واضح رہے کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں سے زرعی انکم ٹیکس قوانین کی منظوری کے بعد مذکورہ صوبے پہلے ہی زرعی انکم ٹیکس کی زد میں آچکے ہیں، سندھ اسمبلی سے متفقہ طور پر منظور قانون کے تحت سالانہ چھ لاکھ روپے تک زرعی آمد ٹیکس سے مستثنیٰ قرار جبکہ سالانہ 56 لاکھ سے زائد زرعی آمدنی پر زیادہ سے زیادہ ٹیکس کی شرح 45 فیصد ہو گی پروگریسیو سپر ٹیکس بھی متعارف کرایا گیا جس کے تحت سالانہ 15 کروڑ روپے تک آمدن پر سپر ٹیکس عائد ہو گا چھوٹی کمپنیوں کی زرعی آمدن پر 20 فیصد جبکہ بڑی کمپنیوں کے لئے ٹیکس کی شرح 28 فیصد مقرر کی گئی زرعی ٹیکس سندھ ریونیو بورڈ جمع کریگا۔

**اداریہ:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**یوم یکجہتی کشمیر اور عالمی بھارتی مظالم کا سلسلہ کب ختم ہو گا؟**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بزدلانہ کارروائیاں بلوچستان کی ترقی کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Quetta's traffic nightmare" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "In pursuit of peace" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

**مضامین:**

روزنامہ جنگ، مشرق کوئٹہ نے "**یوم کشمیر اور کشمیری عوام کی جدوجہد**" کے عنوان سے وقاص شاہین کا مضمون تحریر کیا۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**کشمیر ہے پاکستان، بے دلیل ہندوستان**" کے عنوان سے طارق خان ترین کا مضمون تحریر کیا۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**سائوتھ بلوچستان پیکج کے تحت تربت تامند ردیگ باڈر روڈ کی تعمیر: ترقی کی جانب ایک سنگ میل**" کے عنوان سے چاکر بلوچ کا مضمون تحریر کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 05 FEB 2025 Page No. 1

## نوجوان ملازمت پر انحصار کی بجائے کاروبار پر توجہ دیں، گورنر

**بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں ایوارڈ کی تقریب سے خطاب**

**بچے ملک کا مستقبل، اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر زندگی بھر کی معذوری سے بچائیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بزنس کیمونٹی کسی بھی معاشرے میں انتہائی اہمیت کی حامل ہوتی ہے ملک کے معاشی استحکام کے لئے بزنس کیمونٹی کی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری اور بلوچستان ریفارمز کے زیر اہتمام بزنس ایکسی لینس ایوارڈ کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹریز کے پیٹرن انچیف جمعہ خان، پاک ایران مشترکہ چیمبر کے صدر حاجی رفوگل بڑیچ، کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری کے سینئر نائب صدر تاج محمد بڑیچ، نائب صدر عطاء اللہ مینگل سمیت بزنس کیمونٹی اور بلوچستان ریفارمز کے نمائندوں نے شرکت کی۔ گورنر نے کہا کہ معاشی استحکام کے لئے بزنس کیمونٹی کو وفاقی حکومت سہولیات فراہم کررہی ہے جس سے بزنس مستحکم اور معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا نوجوانوں کو چاہیے کہ ملازمت پر انحصار کرنے کی بجائے سمال بزنس کی جانب توجہ دیں جس سے نہ صرف ان کے کاروبار میں وسعت ہوگی بلکہ کئی گھرانوں کو روزگار کے مواقع بھی ملیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹریز اور بلوچستان ریفارمز کی جانب سے بزنس کیمونٹی کو ایکسی لینس ایوارڈ دینا قابل ستائش اقدام ہے، ایسی تقریبات سے بزنس کیمونٹی کے حوصلے بلند ہوتے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم عالمی مارکیٹ کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے متعلقہ کاروباری سیکٹر پر کام کریں دریں اثنا ء گورنر بلوچستان نے کہا ہے کہ بچے ہمارے ملک کا مستقبل ہیں۔ اس سلسلے میں آپ اپنے بچوں کو وقت پر پولیو کے قطرے پلا کر زندگی بھر کی معذوری سے بچا سکتے ہیں۔ ضروری ہے کہ اپنے ملک اور صوبے کو اس مہلک مرض سے پاک کرنے میں اپنا کردار ادا کریں اور ویکسین کے حوالے سے کسی قسم کی منفی افواہوں پر کان نہ دھریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج گورنر ہاؤس کوئٹہ میں انسداد پولیو مہم کا آغاز کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری رابابہ بلیدی، پاکستان میں یونیسیف پولیو کے چیف میلیسا کورکم، چائلڈ سروائیول اینڈ ڈویلپمنٹ مینیجر یونیسیف محمد امیری، ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر امین مندوخیل، ڈی ایچ او کوئٹہ ڈاکٹر ایمل پولیو ٹیم کی قیادت یونیسیف بلوچستان شاہ پور سلیمان کررہے تھے۔ گورنر بلوچستان نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ پولیو ٹیموں کی مکمل حفاظت کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں اور تمام والدین پر زور دیا کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں اور ہر مہم میں اپنے بچوں کو قطرے پلانے کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو وائرس گندگی سے پھیلتا ہے اسلیے صفائی کا بہت خیال رکھیں۔ صحتمند زندگی اور محفوظ مستقبل کے لیے اس مہم میں اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلوانا ہم سب کا فرض ہے۔



کوئٹہ: گورنر شیخ جعفر مندوخیل سے سیکرٹری خزانہ عمران زرکون ملاقات کررہے ہیں



گورنر جعفر مندوخیل اور جمعہ خان کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری بزنس ایکسی لینس ایوارڈ دے رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے شگفتہ خان کی قیادت میں آبان این جی او کا وفد ملاقات کررہا ہے

## گورنر بلوچستان نے بچے کو قطرے پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کردیا

**بچے ہمارے ملک کا مستقبل ہیں، جعفر خان مندوخیل کا تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بچے ہمارے ملک کا مستقبل ہیں۔ اس سلسلے میں آپ اپنے بچوں کو وقت پر پولیو کے قطرے پلا........ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

کر زندگی بھر کی معذوری سے بچا سکتے ہیں۔ ضروری ہے کہ اپنے ملک اور صوبے کو اس مہلک مرض سے پاک کرنے میں اپنا کردار ادا کریں اور ویکسین کے حوالے سے کسی قسم کی منفی افواہوں پر کان نہ دھریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج گورنر ہاؤس کوئٹہ میں انسداد پولیو مہم کا آغاز کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری رابابہ بلیدی، پاکستان میں یونیسیف پولیو کے چیف میلیسا کورکم، چائلڈ سروائیول اینڈ ڈویلپمنٹ مینیجر یونیسیف محمد امیری، ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر امین مندوخیل، ڈی ایچ او کوئٹہ ڈاکٹر ایمل پولیو ٹیم کی قیادت یونیسیف بلوچستان شاہ پور سلیمان کررہے تھے۔ واضح رہے کہ آج گورنر بلوچستان نے سال 2025 کے لیے پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز کردیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 05 FEB 2025

Page No. 2

# Balochistan to become key player in regional trade: Governor

**Staff Report**

**QUETTA:** Governor Balochistan Jafar Khan Mandokhel has said that national economic system is indebted to traders, industrialists and landowners and, as government, it is our responsibility to provide you with all the necessary facilities, create opportunities for economic development and give you access to the trade markets of neighboring countries.

He said that in this interconnected world, the global and the local are interconnected. The national and the international are not opposed to each other but rather supportive. He expressed these views while addressing the participants of the Business Excellence Award ceremony of the Quetta Chamber of Small Industries in the provincial capital Quetta on Tuesday. On this occasion, a large number of men and women associated with industry and trade, including the heads of the Quetta Chamber of Small Industries, Juma Khan Noorzai and Arsalan Faizan, were present.

Governor Balochistan said that due to its unique location and natural resources and minerals, Balochistan has the potential to become an important center of economic and trade activities not only for Pakistan but also for the countries of the entire region. He made it clear that Balochistan is not just a province but a major center of economic and trade activities for the countries of the entire region. He said that at present, we have profitable opportunities to transform Balochistan into a center of land and sea trade activities, and to connect local businesses with international markets. We have natural resources, coastal belt, strategic location and the determination of our people to make it happen. Governor Mandokhel said that this is not just a dream but a reality that we can achieve, adding that the present government is ready to provide complete protection to all national and international investors. There are lucrative investment opportunities available here for all investors and it is important to make full use of them. It is important that we ourselves also take advantage of the available international opportunities, work to build a bright future for Balochistan and show the world that we can do a lot for our country and the world. Governor of Balochistan distributed Business Excellence Awards among businessmen, businesswomen and administrators. Separately, while launching the anti-polio campaign, Governor of Balochistan said that children are the future of our country. In this regard, you can save your children from lifelong disabilities by giving them polio drops on time. He said that it is important to play your role in ridding your country and province of this deadly disease and not listen to any negative rumors regarding the vaccine. It should be noted that today, the Governor of Balochistan launched a five-day anti-polio campaign for the year 2025, during which more than 2.6 million children will be vaccinated against polio. To achieve this goal, more than 11,000 polio teams are participating in this campaign. The Governor directed the district administration to take concrete steps for the complete safety of the polio teams and urged all parents to cooperate with the polio teams and ensure that their children are vaccinated in every campaign. He said that the polio virus spreads through dirt, so take great care of cleanliness. It is the duty of all of us to vaccinate our children against polio in this campaign for a healthy life and a safe future.

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 | بدھ 6 شعبان المعظم 1446ھ 5 فروری 2025ء | نمبر 36


## اقوام متحدہ کشمیریوں کو حق خودارادیت دلانے میں کردار ادا کرے، سرفراز بگٹی

### بھارت مکروہ چہرہ دنیا سے چھپا نہیں سکتا

**کشمیر بنیادی تنازع، حل کے بغیر خطے میں دیرپا امن کا قیام ممکن نہیں، بلوچستانی عوام کشمیریوں کیساتھ اظہار یکجہتی میں کسی سے پیچھے نہیں، وزیراعلیٰ کا پیغام**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ایک پیغام میں کہا ہے کہ کشمیری عوام بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف اپنی جدوجہد آزادی جاری رکھے ہوئے ہیں اور وہ وقت دور نہیں جب انہیں حق خودارادیت حاصل ہوگا، کشمیری عوام کی اس جدوجہد میں ہزاروں جوان، بچے، بزرگ اور خواتین اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں، وزیراعلیٰ نے کہا کہ خطے میں حقیقی امن اسی وقت ممکن ہوگا جب کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق مسئلہ کشمیر کو حل کیا جائے، کشمیر پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی تنازع ہے اور اس کے حل کے بغیر خطے میں دیرپا امن کا قیام ممکن نہیں۔ بھارت نے زبردستی کشمیر پر قبضہ جما کر وہاں کے عوام کو بنیادی حقوق سے محروم کر رکھا ہے اور ظلم و جبر کا بازار گرم کر رکھا ہے، مگر بھارت کا مکروہ چہرہ اب زیادہ دیر تک دنیا سے چھپا نہیں رہ سکتا اور نہ ہی وہ کشمیریوں کی آواز کو دبا سکتا ہے، وزیراعلیٰ نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کے مظالم کا نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کی اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ پاکستانی قوم کے دل اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور بلوچستان کے عوام بھی کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کے اظہار میں کسی سے پیچھے نہیں۔ ہماری دعائیں اور حمایت کشمیری عوام کے ساتھ ہیں اور وہ دن دور نہیں جب کشمیریوں کی قربانیاں رنگ لائیں گی، مقبوضہ کشمیر بھارتی ریاستی جبر سے آزاد ہوگا، اور ایک آزاد ریاست کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرے گا۔

## امیر حمزہ زہری وزیراعلیٰ کے مشیر نامزد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نوابزادہ محمد امیر حمزہ زہری کو وزیراعلیٰ کا مشیر نامزد کر دیا گیا، گزشتہ روز جاری نوٹیفکیشن کے مطابق محمد امیر حمزہ زہری کو وزیراعلیٰ کا مشیر برائے لوکل گورنمنٹ نامزد کیا گیا ہے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 05 FEB 2025 Page No. 4


# گوادر بندرگاہ کیلئے کمیٹی تشکیل، یوٹیلیٹی اسٹورز کے بغیر رمضان پیکیج، وزیراعظم

گرین چینل بحال

## کمیٹی کی صدارت وفاقی وزیر احسن اقبال کرینگے، گوادر پورٹ کی افادیت سے آگاہی کیلئے عالمی کانفرنس منعقد کی جائے، شہباز شریف

اسلام آباد (نمائندہ جنگ، جنگ نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ سمندر پار پاکستانیوں کیلئے گرین چینل بحال کریں گے، انہوں نے گوادر پورٹ کی آپریشنلائزیشن کے لئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیرصدارت کمیٹی تشکیل دینے اور رمضان المبارک میں عوام کے لئے یوٹیلیٹی اسٹور کے بغیر رمضان پیکیج لانے کا بھی اعلان کردیا۔ وزیراعظم نے گوادر پورٹ کی افادیت سے آگاہی کیلئے عالمی کانفرنس منعقد کرنے کی ہدایت بھی کردی۔ اوورسیز پاکستانیز گلوبل فاؤنڈیشن کے کنونشن سے خطاب کے دوران انہوں نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو ملک کا عظیم سفیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑے گی، بیرون ملک پاکستانیوں کے گرین چینل کو بحال کریں گے۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز نے کہا کہ یوم یکجہتی کشمیر آج ملی جوش و جذبے سے بنایا جائے گا، وزیراعظم نے ماہ صیام میں عوام کے لئے ریلیف پیکیج لانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وزارت خوراک کو یوٹیلیٹی اسٹور کے بغیر رمضان پیکیج دینے کی ہدایت کردی ہے جس کا مقصد عوام کو اس پیکیج سے حقیقی معنوں میں مستفید کرنا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس گزشتہ روز وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ وفاقی کابینہ کو وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی جانب سے گوادر پورٹ پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے گوادر پورٹ کو کمرشل بنیادوں پر آپریشنلائز کرنے کے لئے فوری اقدامات کی ہدایت کی۔ انہوں نے گوادر پورٹ کی آپریشنلائزیشن کے حوالے سے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیرصدارت کمیٹی تشکیل کرنے کی ہدایت کی جو کہ گوادر پورٹ کو ایک جدید اور مکمل فعال بندرگاہ بنانے کے حوالے سے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر کام کرے گی۔ وزیراعظم نے گوادر پورٹ کی افادیت سے آگاہی کے حوالے سے انٹرنیشنل کانفرنس کا انعقاد کرنے کے احکامات جاری کئے۔ انہوں نے کہا کہ گودار پورٹ کے حوالے سے بہترین مارکیٹنگ اور آگاہی کی حکمت عملی بنائی جائے اور گوادر پورٹ کے حوالے سے سفارتی کوششیں تیز کی جائیں۔ وزیراعظم نے گوادر پورٹ سے کی جانے والی درآمدات اور برآمدات کی تفصیل بھی طلب کرلی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال کی جانب سے اجلاس کو بتایا گیا کہ گوادر پورٹ 50 ہزار ڈیڈویٹ ٹنیج (Deadweight tonnage) تک کے جہازوں کے لئے خلیج فارس تک کم خرچ اور کم وقت میں رسائی مہیا کرنے اور خلیجی ممالک تک ٹرانس شپمنٹ فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ مزید برآں یہ بندرگاہ بلوچستان کے کان کنی اور ایکوا کلچر کے شعبوں کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی۔ اس بندرگاہ سے چین کے مغربی علاقے اور وسطی ایشیائی ریاستیں مستفید ہو سکیں گی۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ گوادر فری زون کو تمام وفاقی، صوبائی اور لوکل ٹیکسوں سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ جبکہ گوادر فری زون کے رولز بھی بنائے جا چکے ہیں۔ اجلاس کو مزید آگاہ کیا گیا کہ 2018 سے 2022 کے دوران گوادر پورٹ کی ڈریجنگ کے حوالے سے مجرمانہ غفلت برتی گئی جس سے بندرگاہ کی گہرائی شدید متاثر ہوئی تاہم 2022-23 میں گوادر پورٹ کی ڈریجنگ کا کام مکمل کرلیا گیا جس کے بعد گوادر پورٹ کی گہرائی بحال ہوچکی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5



Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایڈیٹر بانی: سید ممتاز احمد

جلد 53 | بدھ 06 شعبان المعظم 1446ھ 05 فروری 2025ء صفحات 08 | شمارہ 220

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. meshriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے


# خطے میں امن کیلئے عوام کی خواہشات کے مطابق مسئلہ کشمیر حل کیا جائے، وزیر اعلیٰ

## کشمیری عوام کی جدوجہد میں ہزاروں جوان، بچے، بزرگ اور خواتین جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے، میر سرفراز بگٹی

### عالمی برادری بھارت کے مظالم کا نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ حل کرائے، یوم یکجہتی پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیری عوام بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف اپنی جدوجہدِ آزادی جاری رکھے ہوئے ہیں، اور وہ وقت دور نہیں جب انہیں حق خودارادیت حاصل ہوگا۔ کشمیری عوام کی اس جدوجہد میں ہزاروں جوان، بچے، بزرگ اور خواتین اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ خطے میں حقیقی امن اسی وقت ممکن ہوگا جب کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق مسئلہ کشمیر کو حل کیا جائے۔ کشمیر پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی تنازعہ ہے،.........

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

اور اس کے حل کے بغیر خطے میں دیرپا امن کا قیام ممکن نہیں۔ بھارت نے زبردستی کشمیر پر قبضہ جما کر وہاں کے عوام کو بنیادی حقوق سے محروم کر رکھا ہے اور ظلم و جبر کا بازار گرم کر رکھا ہے، مگر بھارت کا مکروہ چہرہ اب زیادہ دیر تک دنیا سے چھپا نہیں رہ سکتا، اور نہ ہی وہ کشمیریوں کی آواز کو دبا سکتا ہے۔ وزیراعلیٰ نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کے مظالم کا نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کی اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ پاکستانی قوم کے دل اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں، اور بلوچستان کے عوام بھی کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کے اظہار میں کسی سے پیچھے نہیں۔ ہماری دعائیں اور حمایت کشمیری عوام کے ساتھ ہیں، اور وہ دن دور نہیں جب کشمیریوں کی قربانیاں رنگ لائیں گی، مقبوضہ کشمیر بھارتی ریاستی جبر سے آزاد ہوگا، اور ایک آزاد ریاست کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرے گا۔

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 55 | بدھ، 6 شعبان المعظم، 5 فروری 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# خطے کا حقیقی امن مسئلہ کشمیر کے حل سے مشروط ہے، وزیراعلیٰ

## بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں ظلم کا بازار گرم کر رکھا ہے مگر وہ کشمیریوں کی آواز زیادہ دیر تک دبا نہیں سکتا

## عالمی برادری بھارتی مظالم کا نوٹس اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ حل کرائے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیری عوام بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف اپنی جدوجہد آزادی جاری رکھے ہوئے ہیں، اور وہ وقت دور نہیں جب انہیں حق خودارادیت حاصل ہوگا۔ کشمیری عوام کی اس جدوجہد میں ہزاروں جوان، بچے، بزرگ اور خواتین اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ خطے میں حقیقی امن اسی وقت (باقی صفحہ 5 نمبر 24)

ممکن ہوگا جب کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق مسئلہ کشمیر کو حل کیا جائے۔ کشمیر پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی تنازعہ ہے، اور اس کے حل کے بغیر خطے میں دیرپا امن کا قیام ممکن نہیں۔ بھارت نے زبردستی کشمیر پر قبضہ جما کر وہاں کے عوام کو بنیادی حقوق سے محروم کر رکھا ہے اور ظلم و جبر کا بازار گرم کر رکھا ہے، مگر بھارت کا مکروہ چہرہ اب زیادہ دیر تک دنیا سے چھپا نہیں رہ سکتا، اور نہ ہی وہ کشمیریوں کی آواز کو دبا سکتا ہے وزیراعلیٰ نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کے مظالم کا نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کی اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ پاکستانی قوم کے دل اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں، اور بلوچستان کے عوام بھی کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کے اظہار میں کسی سے پیچھے نہیں۔ ہماری دعائیں اور حمایت کشمیری عوام کے ساتھ ہیں، اور وہ دن دور نہیں جب کشمیریوں کی قربانیاں رنگ لائیں گی، مقبوضہ کشمیر بھارتی ریاستی جبر سے آزاد ہوگا، اور ایک آزاد ریاست کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر سی پی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز بدھ/5 فروری 2025ء بمطابق/6 شعبان المعظم 1446ھ | شمارہ نمبر 36

# خطے میں حقیقی امن کیلئے مسئلہ کشمیر کو حل کیا جائے

میر سرفراز بگٹی

## کشمیری عوام بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف اپنی جدوجہدِ آزادی جاری رکھے ہوئے ہیں

## کشمیر پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی تنازعہ ہے اور اس کے حل کے بغیر خطے میں دیرپا امن کا قیام ممکن نہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیری عوام بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف اپنی جدوجہدِ آزادی جاری رکھے ہوئے ہیں، اور وہ وقت دور نہیں جب انہیں حق خودارادیت حاصل ہوگا۔ کشمیری عوام کی اس جدوجہد میں ہزاروں جوان، بچے، بزرگ اور خواتین اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ خطے میں حقیقی امن اسی وقت ممکن ہوگا جب کشمیری عوام کی خواہشات

بقیہ نمبر 44 صفحہ 5 پر

کے مطابق مسئلہ کشمیر کو حل کیا جائے۔ کشمیر پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی تنازعہ ہے، اور اس کے حل کے بغیر خطے میں دیرپا امن کا قیام ممکن نہیں۔ بھارت نے زبردستی کشمیر پر قبضہ جما کر وہاں کے عوام کو بنیادی حقوق سے محروم کر رکھا ہے اور ظلم و جبر کا بازار گرم کر رکھا ہے، مگر بھارت کا مکروہ چہرہ اب زیادہ دیر تک دنیا سے چھپا نہیں رہ سکتا، اور نہ ہی وہ کشمیریوں کی آواز کو دبا سکتا ہے وزیراعلیٰ نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کے مظالم کا نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کی اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ پاکستانی قوم کے دل اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں، اور بلوچستان کے عوام بھی کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کے اظہار میں کسی سے پیچھے نہیں۔ ہماری دعائیں اور حمایت کشمیری عوام کے ساتھ ہیں، اور وہ دن دور نہیں جب کشمیریوں کی قربانیاں رنگ لائیں گی، مقبوضہ کشمیر بھارتی ریاستی جبر سے آزاد ہوگا، اور ایک آزاد ریاست کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 29 بدھ 05 فروری 2025ء بمطابق 06 شعبان 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ 36

# بھارت کشمیر پر ظلم و جبر کو اب چھپا نہیں سکتا، نہ ہی آواز دبا سکتا ہے میر سرفراز بگٹی

## کشمیری عوام کی اس جدوجہد میں ہزاروں جوان بچے بزرگ اور خواتین اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر چکے ہیں خطے میں حقیقی امن مسئلہ کشمیر کے حل سے ممکن ہو سکتا ہے

### پاکستانی اور بلوچستان کے عوام کشمیری عوام کیساتھ اظہار یکجہتی کے اظہار میں کسی سے پیچھے نہیں وزیراعلیٰ بلوچستان کا یوم کشمیر کے حوالے سے پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیری عوام بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف اپنی جدوجہد آزادی جاری رکھے ہوئے ہیں، اور وہ وقت دور نہیں جب انہیں حق خودارادیت حاصل ہوگا۔ کشمیری عوام کی اس جدوجہد میں ہزاروں جوان، بچے، بزرگ اور خواتین اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ خطے میں حقیقی امن اسی وقت ممکن ہوگا جب کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق مسئلہ کشمیر کو حل کیا جائے۔ کشمیر پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی تنازعہ ہے، اور اس کے حل کے بغیر خطے میں دیرپا امن کا قیام ممکن نہیں۔ بھارت نے زبردستی کشمیر پر قبضہ جما کر وہاں کے عوام کو بنیادی حقوق سے محروم کر رکھا ہے اور ظلم و جبر کا بازار گرم کر رکھا ہے، مگر بھارت کا مکروہ چہرہ اب زیادہ دیر تک دنیا سے چھپا نہیں رہ سکتا، اور نہ ہی وہ کشمیریوں کی آواز کو دبا سکتا ہے وزیراعلیٰ نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کے مظالم کا نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کی اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ پاکستانی قوم کے دل اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں، اور بلوچستان کے عوام بھی کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کے اظہار میں کسی سے پیچھے نہیں۔ ہماری دعائیں اور حمایت کشمیری عوام کے ساتھ ہیں، اور وہ دن دور نہیں جب کشمیریوں کی قربانیاں رنگ لائیں گی، مقبوضہ کشمیر بھارتی ریاستی جبر سے آزاد ہوگا، اور ایک آزاد ریاست کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 بدھ 05 فروری 2025ء بمطابق 06 شعبان 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔36

# کشمیری بھارتی قبضے کیخلاف جدوجہد آزادی جاری رکھے ہوئے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

## خطے میں حقیقی امن اس وقت ممکن ہے جب کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق مسئلہ کشمیر حل ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیری عوام بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف اپنی جدوجہد آزادی جاری رکھے ہوئے ہیں، اور وہ وقت دور نہیں جب انہیں حق خودارادیت حاصل ہوگا۔ کشمیری عوام کی اس جدوجہد میں ہزاروں جوان، بچے، بزرگ اور خواتین اپنی جانوں کا نذرانہ پیش (بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 2 پر)

کر چکے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ خطے میں حقیقی امن اسی وقت ممکن ہوگا جب کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق مسئلہ کشمیر کو حل کیا جائے۔ کشمیر پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی تنازعہ ہے، اور اس کے حل کے بغیر خطے میں دیرپا امن کا قیام ممکن نہیں۔ بھارت نے زبردستی کشمیر پر قبضہ جما کر وہاں کے عوام کو بنیادی حقوق سے محروم کر رکھا ہے اور ظلم و جبر کا بازار گرم کر رکھا ہے، مگر بھارت کا مکروہ چہرہ اب زیادہ دیر تک دنیا سے چھپا نہیں رہ سکتا، اور نہ ہی وہ کشمیریوں کی آواز کو دبا سکتا ہے وزیراعلیٰ نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کے مظالم کا نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کی اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ پاکستانی قوم کے دل اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں، اور بلوچستان کے عوام بھی کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کے اظہار میں کسی سے پیچھے نہیں۔ ہماری دعائیں اور حمایت کشمیری عوام کے ساتھ ہیں، اور وہ دن دور نہیں جب کشمیریوں کی قربانیاں رنگ لائیں گی، مقبوضہ کشمیر بھارتی ریاستی جبر سے آزاد ہوگا، اور ایک آزاد ریاست کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

11

Balochistan Times



92 NEWS MEDIA GROUP

Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1000 QUETTA Wednesday February 05, 2025 /Sha'ban 06, 1446 Rs: 30

# Regional peace hinges on Kashmir dispute resolution: CM

Staff Report

**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti has said that the Kashmiri people are continuing their struggle for freedom against the usurping occupation of India, and the time is not far when they will get the right to self-determination.

In his message on the occasion of Kashmir Solidarity Day, he said that thousands of youth, children, elders and women have sacrificed their lives in this struggle of the Kashmiri people. The CM said that real peace in the region will be possible only when the Kashmir issue is resolved according to the wishes of the Kashmiri people.

He said that Kashmir was the fundamental dispute between Pakistan and India, and without its resolution, lasting peace in the region is not possible.

India has forcibly occupied Kashmir and deprived its people of their basic rights and has intensified its oppression and repression, but India's hideous face cannot remain hidden from the world for long, nor can it suppress the voice of Kashmiris. He said that the hearts of the Pakistani nation beats with their Kashmiri brothers, and the people of Balochistan are also second to none in expressing solidarity with the Kashmiri people.

The Chief Minister called on the international community to take notice of India's atrocities and play its role in ensuring the Kashmiri people's right to self-determination in accordance with the UN resolutions. He said that Pakistan will always continue to provide moral and diplomatic support to the Kashmiri people. He said that the hearts of the Pakistani nation beats with their Kashmiri brothers, and the people of Balochistan are also second to none in expressing solidarity with the Kashmiri people. The CM said that our prayers and support are with the Kashmiri people, and the day is not far when the sacrifices of Kashmiris will bear fruit, occupied Kashmir will be free from Indian state oppression, and will emerge on the world map as an independent state.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 1

Dated: 05 FEB 2025

Page No. 12


## والدین بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں، بخت کاکڑ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ والدین اپنے بچوں کو پولیو سے بچاو کے قطرے ضرور پلائیں اور پولیو کے خاتمے کے لئے قومی مہم کو کامیاب بنانے میں کردار ادا کریں، یہ بات انہوں نے مفتی محمود میموریل اسپتال میں پولیو مہم کے آغاز پر کہی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے (باقی صفحہ 5 نمبر 54)

مفتی محمود میموریل اسپتال کا تفصیلی دورہ کیا، اس موقع پر اسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالوکیل شیرانی نے وزیر صحت کو اسپتال کے مختلف شعبوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ دورے کے دوران وزیر صحت نے اسپتال میں صفائی اور نظام کار کے معیار، اسپتال میں جاری بہتری کے اقدامات و انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے عملے کی کارکردگی کو سراہا۔ صوبائی وزیر نے اسپتال میں اسٹاف کی 100 فیصد حاضری پر مسرت کا اظہار کیا، انہوں نے اسپتال کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کیں، وزیر صحت نے یقین دلایا کہ محکمہ صحت اسپتال کی بہتری کے لیے تمام وسائل کی دستیابی کو یقینی بنائے گا اور اس سلسلے میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔

## صوبائی وزیر سردار کھیتران کا کھیوڑہ سالٹ مائن کا دورہ

جہلم (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ دنیا کے سب سے بڑی نمک کی کان کھیوڑہ میں مقامی مزدوروں کو معاوضہ بہت کم دیا جا رہا ہے اس لیے متعلقہ حکام سے کہوں گا کہ وہ مقامی مزدوروں کے معاوضہ کو بڑھائیں اور سالٹ رینج کھیوڑہ کی ڈویلپمنٹ پر زیادہ سے زیادہ توجہ مرکوز کریں۔ ان خیالات کا اظہار بلوچستان کے صوبائی وزیر برائے (باقی صفحہ 5 نمبر 41)

پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سردار عبدالرحمن کھیتران نے کھیوڑا نمک کی کان ضلع جہلم پنجاب کے اچانک نجی دورے پر میڈیا کے نمائندے سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ میں آج سفر کے دوران اچانک پہلی بار یہاں کھیوڑا نمک کی کان میں آیا ہوں۔ اس موقع پر انہوں نے مقامی مزدوروں سے بھی ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقامی حکام یہاں کی ڈویلپمنٹ پر کام کریں تاکہ مقامی لوگوں کو اس حوالے سے سیاحت اور روزگار تلاش کرنے میں آسانی فراہم ہو۔

## صوبائی وزیر تعلیم کی زیر صدارت ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس

### منصوبے بروقت مکمل اور ٹینڈرز کا عمل مکمل شفاف بنایا جائے، راحیلہ حمید درانی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کے زیر صدارت محکمہ تعلیم کے ترقیاتی منصوبوں اور جاری پی۔ ایس۔ ڈی پی 2024-2025 کے حوالے سے منعقدہ ہوا۔ جائزہ اجلاس محکمہ تعلیم پی۔ پی آئی یو میں ہوا۔ اجلاس میں سیکریٹری تعلیم صالح ناصر، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر، ایڈیشنل سیکرٹری ڈویلپمنٹ محکمہ تعلیم سمیع اللہ کاکڑ اور محکمہ تعلیم کے دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ تمام جاری اور نئے سکیموں کو جلد سے جلد مکمل کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی جبکہ حالیہ پی۔ ایس۔ ڈی۔ پی کے تحت منظور شدہ اسکیموں میں ٹینڈرز کا عمل بھی مکمل کر دیا گیا اور نئے تعلیمی سال 2025 کے (باقی صفحہ 5 نمبر 38)

آغاز قبل مفت سرکاری درسی کتب کی تقسیم کا عمل بہت بڑے پیمانے جاری رہے گیں۔ صوبے کے تمام سرد علاقوں اضلاع کے ایجوکیشن افسران کو کتب کی فراہمی کی عمل جاری ہیں۔ نئے تعلیمی سال کیلئے بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ نے 93 لاکھ سے زائد درسی کتب کی چھپوائی ہیں۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ تعلیم کے حالیہ پی۔ ایس۔ ڈی۔ پی. 2025.2024 کی جاری اور نئے سکمات کو نئے تعلیمی سال کی آغاز کے ساتھ ہی مکمل کریں تاکہ سکولوں میں طلباء و طالبات کو بہترین اور معیاری تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انھوں نے کہا کہ صوبے کی تاریخ میں پہلی بار حکومت بلوچستان محکمہ تعلیم کے لیے مختص کی گئی ترقیاتی بجٹ تعلیم کی بہتری کے لیے خرچ کریگی تاکہ سکولوں کی استعداد کار میں مزید بہتری رونما ہو سکے جبکہ ہمارے صوبے کے طلباء و طالبات کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے لیے مزید آسانی اور مددگار ثابت ہو سکے۔ انھوں نے مزید کہا کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ وقت تک مکمل کرنے کے عمل کو مزید موثر اور تیز کریں اور ٹینڈرز کے عمل کو مکمل طور پر صاف و شفاف بنایا جائے جبکہ کام کی معیار کو مزید شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 05 FEB 2025 Page No. 13


## بلوچستان میں امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائیگی، افغان حکومت فتنہ خوارج کیخلاف ٹھوس اقدامات کرے: کور کمانڈرز کانفرنس

# مہم جوئی کا مکمل طاقت سے جواب دیں گے: آرمی چیف

## بھارتی فوج کے بیانات بڑھتی مایوسی کی نشاندہی

### پاک فوج ملکی خودمختاری کے دفاع کیلئے پوری طرح تیار، عسکری قیادت قوم کو درپیش کثیرالجہتی چیلنجز سے مکمل آگاہ اور آئینی ذمہ داریاں پوراکرنے کیلئے پرعزم ہے: جنرل عاصم منیر

### بھارتی فوجی قیادت کے اشتعال انگیز بیانات علاقائی استحکام کیلئے نقصان دہ، افغانستان اور فتنہ الخوارج کے حوالے سے تمام ضروری اقدامات، حکمت عملی جاری رکھی جائیگی: شرکاء کانفرنس

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی، اے پی پی) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان آرمی ملکی خودمختاری اور سالمیت کے دفاع کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ بھارتی فوج کے کھوکھلے بیانات ان کی بڑھتی ہوئی مایوسی کی نشاندہی کرتے ہیں، اس قسم کے بیانات اپنے عوام اور عالمی برادری کی توجہ بھارت کے اندرونی خلفشار اور اس کی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزیوں سے توجہ ہٹانے کیلئے ہیں، کسی بھی مہم جوئی کا پاکستان مکمل طاقت کے ساتھ جواب دے گا، انشاء اللہ۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں اپنی زیر صدارت 267 ویں کور کمانڈرز کانفرنس میں کیا۔ شرکا نے مادر وطن کے امن و استحکام کیلئے شہدائے افواج پاکستان، قانون (باقی صفحہ 5 نمبر 14)

نافذ کرنے والے اداروں اور پاکستانی شہریوں کی لازوال قربانیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور درپیش خطرات کا مفصل جائزہ لیتے ہوئے علاقائی اور داخلی سلامتی کے منظرنامے پر روشنی ڈالی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شرکا کانفرنس نے لائن آف کنٹرول اور ورکنگ باؤنڈری کے ساتھ موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ فورم نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کشمیر کے پرعزم لوگوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ فورم نے بھارت کی جانب سے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں کی شدید مذمت کی اور انہیں خطے کے امن اور استحکام کیلئے ایک سنگین خطرہ قرار دیا۔ شرکا کانفرنس نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کے حق خودارادیت کیلئے ان کی جدوجہد میں پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ شرکا نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی مسلسل خلاف ورزیوں سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی تعاون کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ فورم نے بھارتی فوجی قیادت کے حالیہ عاقبت نااندیش اور اشتعال انگیز بیانات کا بھی سخت نوٹس لیا اور انہیں غیر ذمہ دارانہ اور علاقائی استحکام کیلئے نقصان دہ قرار دیا۔ فورم نے فتنہ الخوارج کی جانب سے پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے افغان سرزمین کے مسلسل استعمال پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور اس بات کی ضرورت پر زور دیا کہ عبوری افغان حکومت فتنہ الخوارج کی موجودگی سے انکار کی بجائے اس کے خلاف ٹھوس اور عملی اقدامات کرے۔ فورم نے واضح کیا کہ افغانستان اور فتنہ الخوارج کے ضمن میں جاری شدہ تمام ضروری اقدامات اور حکمت عملی کو جاری رکھا جائے گا جو پاکستان اور اس کے عوام کے تحفظ کو یقینی بناتے ہیں۔ فورم نے بلوچستان میں عوام پر مرکوز سماجی و اقتصادی ترقی کے اقدامات کو تیز کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ احساس محرومی کے من گھڑت بیانیے کی نفی کی جا سکے۔ فورم نے اس بات کا اعادہ کیا کہ کسی کو بھی بلوچستان میں امن کو خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائیگی اور کہا غیر ملکی پشت پناہی کرنے والی پراکسیز کی بلوچستان کے نوجوانوں کو گمراہ کرنے اور انتہا پسندی پر مائل کرنے کے مذموم عزائم کو بلوچستان کے عوام کی غیر متزلزل حمایت سے ناکام بنایا جائیگا۔

## بلوچستان عوامی انڈومنٹ فنڈ کے تحت 3397 مریضوں کا علاج کیا گیا

**علاج پر ایک ارب روپے سے زائد کا خرچ، مریضوں کو سینار سمیت ملک کے معروف اسپتالوں میں بھیجا گیا**

وزیراعلیٰ بگٹی اور چیف سیکرٹری کی قیادت میں صحت کے شعبے میں اصلاحات عوام کیلئے امید کی کرن ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت کی جانب سے صحت کے شعبے میں ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے بلوچستان عوامی انڈومنٹ فنڈ کے تحت 3397 مریضوں کا علاج کیا گیا جنہیں صوبے اور ملک کے مختلف اسپتالوں میں جدید طبی سہولیات فراہم کی گئیں، محکمہ سماجی بہبود کی جانب سے جاری رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں موجود اسپتالوں میں 2241 مریضوں کو علاج فراہم کیا گیا جن میں بی ایم سی ہسپتال کوئٹہ میں 749 جبکہ سینار ہسپتال کوئٹہ میں 1492 مریضوں کو طبی امداد دی گئی۔ ان مریضوں کے علاج پر مجموعی طور پر 1.71 ارب روپے سے زائد اخراجات کیے گئے، اسی طرح بلوچستان سے باہر دیگر صوبوں میں 1156 مریضوں کو کراچی، لاہور، اسلام آباد اور گمبٹ کے معروف اسپتالوں میں بھیجا گیا جہاں انہیں خصوصی طبی سہولیات فراہم کی گئیں، ان مریضوں کے علاج پر 3.42 ارب روپے سے زائد لاگت آئی۔ بلوچستان عوامی انڈومنٹ فنڈ کے تحت کینسر، امراض قلب، جگر اور گردے کی بیماریاں، تھیلیسیمیا، بون میرو ٹرانسپلانٹ، نیوروسرجری اور دیگر مہنگے علاج کے لئے مریضوں کو مالی معاونت فراہم کی گئی۔ کینسر کے مریضوں کے لئے سینار، شوکت خانم، کینسر فاؤنڈیشن اور آغا خان اسپتال میں جدید علاج فراہم کیا گیا، جبکہ امراض قلب کے مریضوں کو NICVD کراچی، تابہ ہارٹ انسٹیٹیوٹ اور دیگر اسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ فنڈ کے تحت کراچی کے معروف اسپتالوں جیسے آغا خان ہسپتال، لیاقت نیشنل ہسپتال، شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال، ڈاکٹر ضیاء الدین ہسپتال اور دیگر میں مریضوں کو بھیجا گیا جبکہ پنجاب اور اسلام آباد کے اسپتالوں میں بھی علاج کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ بلوچستان حکومت کے اس اقدام کو عوام کی جانب سے بے حد سراہا جا رہا ہے جس سے صوبے کے کم وسائل رکھنے والے مریضوں کو بڑی بیماریوں کے علاج میں مدد ملی۔ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی قیادت میں صحت کے شعبے میں یہ اصلاحات نہ صرف صوبے کے عوام کے لئے امید کی کرن بلکہ مستقبل میں صحت کے مزید منصوبوں کی راہ ہموار کریں گی۔

## بی ایم سی ہسپتال کے برن اور پلاسٹک سرجری یونٹ کیلئے 10 کروڑ 46 لاکھ جاری

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان حکومت نے بی ایم سی ہسپتال کے برن اور پلاسٹک سرجری یونٹ کیلئے 10 کروڑ 46 لاکھ روپے جاری کر دیئے۔ محکمہ صحت بلوچستان کے جاری ایک اعلامیہ کے مطابق محکمہ صحت بلوچستان نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال کوئٹہ کی درخواست پر بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال کوئٹہ میں قائم برن اور پلاسٹک سرجری یونٹ کیلئے رواں مالی سال 2024-25 کے بجٹ سے 10 کروڑ 46 لاکھ روپے جاری کئے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان میں کینسر کے مرض میں تشویشناک اضافہ 10 ہزار سے زائد نئے کیس رپورٹ

کینسر کے سب سے زیادہ کیسز کوئٹہ سے رپورٹ ہوئے ہیں، بڑی وجہ لاعلمی، غیر صحت مند خوراک اور طرزِ زندگی ہے

**صوبے بھر سے مجموعی طور پر کینسر کے 20 ہزار سے زائد مریض علاج کیلئے آئے جنہیں طبی امداد دی گئی، ڈاکٹر خوش نصیب**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ادارہ برائے علاج کینسر (سینار) کے ڈائریکٹر ڈاکٹر حافظ خوش نصیب کا کہنا ہے کہ کینسر بڑھنے کی بڑی وجہ لاعلمی، غیر صحت مند خوراک اور طرزِ زندگی ہے۔ کینسر سے بچاؤ کے عالمی دن کے موقع پر ڈاکٹر حافظ خوش نصیب نے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ بروقت تشخیص اور علاج سے ہر طرح کے کینسر کا علاج ممکن ہے۔ کینسر کے ماہر ڈاکٹر فیروز خان کا کہنا ہے کہ کینسر کے سب سے زیادہ........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

کیسز خوراک کی نالی، خون اور چھاتی میں ہو رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ گزشتہ سال بلوچستان سے مختلف کینسر کے 10 ہزار سے زائد نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ ڈاکٹر فیروز خان نے بتایا کہ بلوچستان سے مجموعی طور پر کینسر کے 20 ہزار سے زائد مریض علاج کے لیے سینار آئے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ بلوچستان میں کینسر کے سب سے زیادہ کیسز کوئٹہ سے رپورٹ ہوئے ہیں۔

## کوئٹہ میں قانون کی خلاف ورزی پر 14 دکانیں اور 40 منی پمپس سیل، 45 افراد جیل منتقل

17 دکاندار اور 32 پمپ مالکان گرفتار کیا گیا 22 دکاندار کو جرمانے اور 50 منی پمپس کے سامان ضبط کرلیا گیا

**سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے پر متعدد تندور سیل کر دیئے 17 افراد کو گرفتار، ضلعی انتظامیہ کی سخت ہدایات**

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہر میں گرانفروشوں، ناجائز منافع خوروں اور منی پیٹرول پمپس کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اس سلسلے میں گزشتہ روز 164 دکانوں اور منی پیٹرول پمپس کا معائنہ کیا گیا جہاں خلاف ورزی پر 14 دکانیں اور 40 منی پمپس سیل، 17 دکاندار اور 32 پمپ مالکان گرفتار، 45 افراد جیل منتقل، 22 دکاندار کو جرمانے اور 50 منی پمپس کے سامان ضبط کرلیا گیا۔........ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی کوئٹہ کے تمام ڈویژنز میں گرانفروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں

## امتحانات میں نقل کرتے پکڑے جانیوالوں کو موقع پر سزائیں دینے کا فیصلہ

پیپر کینسل کیا جائیگا، خلاف ورزی کرنے پر تعلیمی ایکٹ کے تحت ایف آئی آر درج کی جائے گی، ڈی سی کوئٹہ

**کسی کو بھی نقل کرنے نہیں دینگے تمام امتحانی مراکز پر کڑی نظر رکھی جائے گی، نقل اور سفارش کا مکمل خاتمہ کرینگے**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت میٹرک کے امتحانات میں نقل کی روک تھام کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے شرکت کی اسکے علاوہ کوئٹہ کے تمام سب ڈویژنز کے اسسنٹ کمشنرز، تحصیلداران، نائب تحصیلداران، قانونگو، ڈی سی آفس کے تمام سپرنٹنڈنٹ اور محکمہ تعلیم محکمہ صحت ایریگیشن، واسا، پی ایچ ای اور سی اینڈ ڈبلیو کے نمائندے شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میٹرک امتحانات کے لیے کوئٹہ میں 76 امتحانی مراکز قائم کیے جاچکے ہیں جس پر ضلعی انتظامیہ نے تمام امتحانی سینٹرز میں ضلعی انتظامیہ کے نمائندوں کو ڈیوٹی لگا دیا ہے۔ تمام اسسنٹ کمشنرز، تحصیلداران، نائب تحصیلداران و دیگر آفیسران امتحانی مراکز میں صبح سے لیکر شام تک ڈیوٹی سرانجام دینگے۔ ان تمام امتحانی مراکز کی ذمہ داری ضلعی انتظامیہ کے آفیسران پر عائد ہوگی کہ وہ صبح پرچے لائینگے پھر امتحانی مراکز میں موجود رہیں گے کسی کو بھی نقل کی اجازت نہیں ہوگی جو بھی نقل کرتے ہوئے پکڑا گیا اسکا پیپر کینسل کیا جائیگا اس کے علاوہ خلاف ورزی کرنے پر تعلیمی ایکٹ کے تحت ایف آئی آر درج کیا جائیگا۔ اور جس امیدوار سے موبائل پکڑا گیا اسکا موبائل ضبط کیا جائیگا۔ پرچہ ختم ہونے کے بعد یہی آفیسران پرچوں کو اپنے ذمہ داری میں متعلقہ مقام تک پہنچائیں گے۔

## ہاسٹلز میں رہائشی طلباو طالبات کیلئے شناختی کارڈ اور ب فارم لازمی قرار

ہاسٹلز کے مالکان تمام طالب علموں کے جو ہاسٹلز میں رہائش پذیر ہے انکا مکمل ڈیٹا فراہم کرینگے، ضلعی انتظامیہ کی ہدایت

**آن لائن ایپلیکیشن پر کام کررہے ہیں تمام ہاسٹل ضلعی انتظامیہ کے ساتھ منسلک ہوجائیں گے، اجلاس میں اہم فیصلے**

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) محمد وقار کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ میں موجود سرکاری اور نجی ہاسٹلز کے بارے میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایجوکیشنل بوائز اینڈ گرلز ہاسٹل، ایکسلینس ہاسٹل، ایور گرین ہاسٹل، شارجہ ہاسٹل، نیو بلیک ڈائمنڈ ہاسٹل، جینئل بوائز ہاسٹل، ہمدرد ہاسٹل، المرحبا ہاسٹل، الجنت ہاسٹل، پرنس ہاسٹل، اے ون ہاسٹل، اسلامک ہاسٹل، دبئی ہاسٹل، مائی ہوم ہاسٹل و دیگر ہاسٹل مالکان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو کوئٹہ کے تمام ہاسٹلز کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ کوئٹہ کے موجودہ حالات کے پیش نظر اجلاس میں کوئٹہ کے تمام ہاسٹلز کے بارے میں اہم فیصلے کیے گیے۔ جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) محمد وقار کاکڑ نے کہا کہ ہاسٹلز کے مالکان تمام طالب علموں کے جو ہاسٹلز میں رہائش پذیر ہے انکا مکمل ڈیٹا فراہم کرینگے۔ ہاسٹل میں جگہ دیتے وقت طالب علم اپنے اور والدین کی معلومات اور ضروری دستاویزات فراہم کرینگے جسکو ہاسٹل انتظامیہ ضلعی انتظامیہ کو جمع کرائی گی اگر کسی طالب علم کا شناختی کارڈ نہیں بنا ہو یا کم عمر ہو وہ طالب علم اپنا ب فارم جمع کرائے گا۔ ضلعی انتظامیہ ایک آن لائن ایپلیکیشن پر کام کررہی ہے جس کے تحت تمام ہاسٹل ضلعی انتظامیہ کے ساتھ منسلک ہو جائیں گے اور روزانہ کی بنیاد پر ڈیٹا اپلوڈ کیا جاسکے گا ہاسٹل میں طالب علموں کو کسی بھی مہمان کو رات گزارنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ ہاسٹل انتظامیہ تمام ہاسٹلز میں داخلے اور چھوڑ کے جانے والے طالب علموں کا مکمل ڈیٹا ہر مہینے ضلعی انتظامیہ کو جمع کرائی گی کسی بھی قسم کی واقعے یا کسی سنگین مسلے کیدوران ہاسٹل مالکان ضلعی انتظامیہ کے ساتھ رابطہ کریں گے اور ضلعی انتظامیہ ہر قسم کا ممکن تعاون فراہم کریگی۔

Century Express Quetta

## پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے پر عزم ہیں، ڈاکٹر مختار احمد

**کوآرڈینیٹر نیشنل ہیلتھ سروسز کا دورہ پشین، جاری مہم کی پیشرفت کا جائزہ لیا**

پشین (نمائندہ ایکسپریس) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے نیشنل ہیلتھ سروسز ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن ڈاکٹر ملک مختار احمد اور صوبائی کوارڈینیٹر انعام الحق قریش نے پشین میں قومی انسداد پولیو مہم کے دوران پولیو نمائندگان کے منعقدہ اجلاس میں شرکت کی اور جاری مہم کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر پشین زاہد خان، ٹیم لیڈر عالمی ادارہ صحت (باقی صفحہ 5 نمبر 47)

ڈاکٹر جہانزیب خان، نوکل پرسن برائے بی، ایم، جی، ایف ڈاکٹر نجیب اللہ مروت، ڈاکٹر سلطان محمد موسیٰ خیل، ڈاکٹر عبداللہ خان، منور خان پانیزئی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ڈاکٹر مختار احمد نے حکومت پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کا خاتمہ وزیراعظم پاکستان کی ترجیحات میں نمایاں طور پر شامل ہے جبکہ پولیو ایمرجنسی پروگرام کو درپیش مشکلات ومسائل سے نمٹنے کیلئے حکومت اپنا بھرپور تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ میرا ذاتی مشن بھی ہے۔ جس کیلئے آج میں صوبہ بلوچستان کے ضلع پشین آیا ہوں، انہوں نے کہا کہ ہم اس ضمن میں بین الاقوامی شراکت داروں اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر اس موذی مرض کا خاتمہ چاہتے ہیں۔ اس موقع پر انعام الحق قریش نے سینئر حکام کو پولیو کی موجودہ صورتحال اور قومی اور صوبائی سطح پر جاری اس کے خاتمے کی کوششوں کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے ڈاکٹر مختار احمد کو اپنی صوبائی سطح کی کارکردگی اور اس بابت درپیش مشکلات ومسائل کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ صوبائی پولیو پروگرام کی قیادت اور ڈپٹی کمشنر زاہد خان نے وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے قومی صحت کا ضلع پشین کے دورے پر شکریہ ادا کیا۔

## سول ہسپتال میں 35 خواتین نرسز کی کنٹریکٹ پر تعیناتی

**تمام نرسز کو کل جوائنگ دے کر ایم ایس کو رپورٹ کرنے کی ہدایت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سول ہسپتال میں عارضی بنیادوں پر 35 خواتین نرسز کی تعیناتیاں کردی گئیں، ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کوئٹہ کے جاری اعلامیہ کے مطابق ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کوئٹہ ڈویژن نے کنٹریکٹ کی بنیاد پر سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ میں 16 گریڈ کی خواتین اسٹاف نرسز کی خالی آسامیوں پر 35 امیدواروں کی تقرری کے احکامات جاری کرتے ہوئے انہیں ہدایت کی ہے کہ وہ کل 6 جنوری 2025ء کو جوائننگ کرکے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ کو رپورٹ کریں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 05 FEB 2025　Page No. 16

# شہداء کے افکار پر عمل پیرا قومیں اپنی منزل تک پہنچ پاتی ہیں، بی این پی

## شہید اسد مینگل اور شہید احمد شاہ بلوچ کی برسی کل عقیدت واحترام سے منائی جائیگی، بیان

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ شہید اسد مینگل اور شہید احمد شاہ بلوچ کی برسی 6فروری کو عقیدت و احترام سے منائی جائیگی پارٹی بیان میں اضلاع کے صدور، جنرل سیکرٹریز، آرگنائزر، ڈپٹی آرگنائزر کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اس دن کی مناسبت سے تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کرتے ہوئے شہداء کو خراج عقیدت پیش کریں شہداء کو اس دور میں لاپتہ کرکے شہید کیا گیا سول ڈکٹیٹرز نے بلوچ نسل کشی اور بلوچستان میں آپریشن کے بعد راہشون سردار عطاء اللہ خان مینگل کے فرزند اور احمد شاہ بلوچ کو لاپتہ کرکے شہید کرکے بلوچستان میں ظلم وجبر کا نشانہ بنانے کا عمل شروع کیا گیا شہداء کا جذبہ ہمارے لئے مشعل راہ ہے جنہوں نے اپنی مختصر زندگی میں بھی گروہی مفادات کو رد کرکے حق کا راستہ اختیار کرتے ہوئے قومی جہد کو مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کیا اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا بیان میں کہا گیا کہ جو قومیں اپنے شہداء کے افکار وسوچ پر عمل پیرا ہوتی ہیں یقیناً وہ قومیں اپنی منزل تک پہنچ پاتی ہیں نصف صدی ہونے کو ہے کہ بلوچ قومی تحریک میں راہشون سردار عطاء اللہ خان مینگل کے فرزند پہلے لاپتہ تھے جن کو لاپتہ کرکے شہید کرنے کا مقصد یہی تھا کہ بلوچ قومی جہد کو راستہ خوف وہراس پھیلا کر روکا جائے۔

# پارٹی چیئرمین کا بیانیہ مقبول ترین بن چکا، پشتونخوامیپ

## جعلی عناصر کو اسمبلی میں لاکر عوام کے مینڈیٹ کی بدترین توہین کی گئی، قہار ودان

پشین (نامہ نگار) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پشین کے ضلعی کمیٹی کا اجلاس ضلعی سینئر معاون حاجی اکبر کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، ضلعی ایگزیکٹیوز اور کمیٹی ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے پارٹی کارکنان شب وروز محنت کرکے پارٹی کے بنیادی ادارے مزید فعال کریں، انہوں نے کہا کہ آج ملک بھر میں پارٹی چیئرمین محترم محمود خان اچکزئی کا بیانیہ مقبول ترین بیانیہ بن چکا ہے ملک میں آئین کی بالادستی اور جمہوری اداروں کے فروغ کیلئے پارلیمان کی توانا آواز ہے جو ہمارے لئے باعث فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ 8فروری 2024 کے نام نہاد بوگس دھاندلی زدہ انتخابات کے ذریعے ملک کو فارم 47 کے جعلی نمائندوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا، ضلع پشین کے عوام کے مینڈیٹ کو کروڑوں روپے کی نذر کرتے ہوئے پشتونخوامیپ کی تاریخی جیت کو ہار میں تبدیل کیا گیا، انہوں نے کہا کہ جعلی عناصر کو اسمبلی میں لاکر ملک کے عوام کی مینڈیٹ کی بدترین توہین کی گئی جس سے ملک اس وقت بدترین بحرانوں سے دوچار ہے، انہوں نے کہا کہ مرکزی اور صوبائی سطح پر قائم کی گئی جعلی حکومتیں عوام کو ریلیف دینے میں مکمل ناکام ہوچکی ہے آج بھی پشتونخوامیپ کے منتخب عوامی نمائندے عوام کے مسائل کے حل کرنے کے لئے دن رات کوشاں ہیں انہوں نے کہا کہ ہماری زراعت زیر زمین پانی پر انحصار رکھتی ہے جن میں 80 فیصد پانی پشتون سرزمین کا ہے لیکن ہمیں بحیثیت قومی [illegible] حصہ نہیں مل رہا ہے جس کے باعث پشتون عوام کو مشکلات اور مایوسی کا سامنا ہے مقررین نے کہا کہ فارم 47 کے جعلی نمائندے خدمت کے بجائے خورد برد، کرپشن اور اقرباپروری میں مصروف عمل ہیں بدترین بے روزگاری، مہنگائی، دہشتگردی عام ہے۔ 8 فروری کو چوری کی گئی مینڈیٹ کے خلاف پشین کے اور کارکنان سیاسی و جمہوری عوام سڑکوں پر نکل کر شدید احتجاج ریکارڈ کریں گے۔ اجلاس سے ضلعی سینئر معاون حاجی اکبر، عبدالواحد وطنیال اور پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر علی محمد کلیوال نے بھی خطاب کیا۔

CamScanner

امن وامان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 05 FEB 2025

Page No. 17

## کوئٹہ: جیل روڈ پر فائرنگ سے ڈسٹرکٹ جیل کا اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جاں بحق

**قاسم ریسانی زیر علاج ایک سپاہی کی عیادت کیلئے جارہا تھا، ہدہ میں نشانہ بنایا گیا، لاش ورثا کے حوالے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جیل روڈ پر گاڑی پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے کوئٹہ ڈسٹرکٹ جیل کا اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جاں بحق ہوگیا۔ مقتول سول [illegible] میں زیر علاج ایک سپاہی کی عیادت کیلئے جا [illegible] پولیس کے مطابق کوئٹہ ڈسٹرکٹ جیل کا اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ قاسم ریسانی منگل کی شب اپنی گاڑی میں جیل سے سول ہسپتال کوئٹہ میں زیر علاج ایک سپاہی کی عیادت کیلئے جارہا تھا وہ جیسے ہی جیل روڈ ہدہ میں ایک فیکٹری کے سامنے پہنچا تو موٹرسائیکل پر سوار تین نامعلوم افراد اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے، فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر جاں بحق ہوگیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس سی ٹی ڈی اور سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے اہلکاروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر لاش کو ہسپتال پہنچایا۔ آئی جی جیل خانہ جات شجاع احمد کاسی بھی سول ہسپتال پہنچ گئے، ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی دی گئی، پولیس نے بتایا کہ مقتول گزشتہ چار سال سے کوئٹہ ڈسٹرکٹ جیل میں اپنے فرائض انجام دے رہا تھا، میت آبائی علاقے کانک لے جائی جائے گی۔ صدر پولیس نے مقدمہ درج کرکے کیس سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ منتقل کردیا۔

## منشیات اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ائیرپورٹ پولیس نے منشیات اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی پولیس کے مطابق ایس ایچ او ائیرپورٹ تھانہ عبدالحئی گرانی کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ منشیات اسمگلر کچلاک سے ایک ٹریکٹر کے ذریعے بھاری مقدار میں منشیات کوئٹہ لارہے ہیں جس پر دیگر عملے کے ہمراہ گزشتہ شب طور ناصر پھاٹک پر ناکہ لگا کر چیکنگ شروع کی اسی دوران ایک ٹریکٹر کو روکنے کا اشارہ کیا تاہم ڈرائیور نے فرار ہونے کی کوشش کی جسے گھیرے میں لے کر ٹریکٹر کے اندرونی دو ٹائروں سے 60 پیکٹ چرس کے برآمد کرلیں پولیس نے ڈرائیور اختر محمد کو گرفتار کرکے ٹریکٹر قبضے میں لے لیا۔

MASHRIQ QUETTA

## 20 کروڑ کی بدعنوانی کے مقدمے میں مفرور ایس ڈی او گرفتار

**ضیاء اللہ نے دیگر ملزمان کے ساتھ ملکر پارک کے تعمیری منصوبے میں غبن کیا تھا**

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں محکمہ اینٹی کرپشن بلوچستان نے ......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

کارروائی کرتے ہوئے بیس کروڑ کی بدعنوانی کے مقدمے میں مفرور محکمہ مواصلات وتعمیرات کے ایس ڈی او کو گرفتار کرلیا جبکہ ایکس ای این کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ جی اینٹی کرپشن عبدالواحد کاکڑ نے بتایا کہ ایس ڈی او محکمہ مواصلات وتعمیرات ضیاء اللہ نے اپنے ایکس ای این خیر بخش اور دیگر ملزمان کے ساتھ ملکر کوپین کاریز میں سوا ایکڑ پارک کی تعمیری منصوبے میں بیس کروڑ روپے کی ایڈوانس ادائیگی کی اور تین سال گذرنے کے باجود اس اسکیم کا کوئی وجود نہیں ہے محکمہ اینٹی کرپشن نے بیس کروڑ روپے کی خرد برد کے الزام پر مقدمہ درج کیا تو ملزمان مفرور ہوگئے تاہم محکمہ اینٹی کرپشن نے ملزم ضیاالله کو گرفتار کرلیا جبکہ ایکس سی این خیر بخش سمیت دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

## چمن: روغانی میں لیویز کی کارروائی، بھاری اسلحہ وگولہ بارود برآمد

**2 ایل ایم جی، 2 مارٹر گن، ایک طیارہ شکن گن شامل، اسلحہ چمن میں دہشتگردی کیلئے استعمال ہونا تھا**

چمن (خ ن) لیویز فورس چمن نے خفیہ اطلاع پر روغانی میں چھاپہ مار کر بھاری اسلحہ وگولہ بارود برآمد کرلیا، جس میں 2 عدد ایل ایم جی، 2 مارٹر گن، ایک طیارہ شکن گن شامل ہے۔ لیویز فورس چمن کے مطابق یہ اسلحہ دہشت گردوں کی جانب سے ضلع چمن میں امن وامان کو سبوتاژ کرنے کے لیے استعمال کیا جانا تھا۔ اس موقع پر کوئی گرفتاری نہیں ہوئی وہ نامعلوم شرپسندوں کے خلاف ایف آئی آر درج کرلی گئی ہے اور مزید تفتیش جاری ہے اور تاہم علاقے میں امن وامان کی قیام کیلئے گشت کا سلسلہ بڑھایا گیا ہے اور سنیپ چیکنگ شروع کردی گئی ہے۔

## لورالائی پولیس کی کارروائیاں، 2 افراد سمیت خاتون گرفتار، 7 کلو چرس برآمد

**الگ کارروائی میں طارق گرفتار، قبضے سے 9MM پسٹل برآمد، مزید تحقیقات پولیس کررہی ہے**

لورالائی (خ ن) لورالائی پولیس کی کامیاب کارروائیاں، 2 افراد سمیت خاتون گرفتار، قبضے سے 7 کلو چرس برآمد جبکہ دوسری کارروائی میں ایک شخص گرفتار قبضے سے پستول برآمد کیا گیا ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی رینج ملک محمد سلیم لہڑی کی ہدایات پر ایس ایس پی لورالائی احمد سلطان کے احکامات پر ایس ڈی پی او کلیم اللہ کاکڑ کی زیرنگرانی ایس ایچ او موسیٰ خیل کی سربراہی میں لورالائی پولیس ٹیم کے مختلف کارروائیاں فضل الرحمان ولد محمد اقبال قوم رند ......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچ ساکن ڈیرہ غازیخان گرفتار قبضے سے 3 کلو 10 گرام چرس برآمد، ملزم کیخلاف مقدمہ درج جبکہ ایک دوسری کارروائی میں مریم عاشر زوجہ عاشر مسیح ساکن سرگودھا کو گرفتار کیا گیا جس سے 3 کلو 50 گرام چرس برآمد، تیسری کارروائی میں محمد نعیم ولد ولی خان قوم خروٹی ساکن کنوی لورالائی گرفتار، چوتھی کارروائی میں پولیس نے طارق ولد دین محمد قوم ججک دکی کو گرفتار کرکے قبضے سے ایک عدد 9MM پسٹل برآمد کرلی ملزم کیخلاف آرمز ایکٹ کا مقدمہ درج کرلیا۔ مزید تفتیش پولیس تھانہ شہید محمد اشرف ترین سٹی لورالائی کررہی ہے۔

## ژوب، پوست کی کاشت میں ملوث 21 افراد گرفتار، مقدمات درج

**افغان باشندوں کیخلاف غیر قانونی طور پر رہائش پذیر ہونے پر بھی مقدمہ درج کرلیا گیا**

ژوب (خ ن) پوست کی کاشت میں ملوث 10 مقامی افراد ٹھیکیدار اور افغان بزگروں سمیت 21 افراد کے خلاف اینٹی نارکوٹکس ایکٹ کے دفعات کے تحت مقدمہ درج گرفتار افغان باشندوں کے خلاف غیرقانونی طور پر رہائش پذیر ہونے پر فارن ایکٹ کے تحت بھی مقدمہ درج کرلیا گیا تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر محبوب احمد کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ اور لیویز فورس نے تحصیل کاکڑ خراسان کے علاقے شیغالو میں پوست کی کاشت کیلئے زمینیں ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

دینے والے 10 مقامی افراد ضلع چمن سے تعلق رکھنے والے ٹھیکیدار اور 10 افغان بزگروں سمیت 21 افراد کے خلاف اینٹی نارکوٹکس ایکٹ کے دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا جبکہ لیویز فورس نے گرفتار 10 افغان باشندوں کے خلاف غیر قانونی طور پر رہائش پذیر ہونے پر فارن ایکٹ کے تحت دوسرا مقدمہ بھی درج کرلیا ضلعی انتظامیہ کے مطابق منشیات کی کاشت کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائیگی منشیات کی کاشت میں ملوث افراد اور منشیات کی کاشت کیلئے زمینیں دینے والے مقامی افراد کے خلاف بھی مقدمات درج ہوگئے

CamScanner

# فیڈر اساتذہ کی تنخواہیں 22 ماہ سے بند، 12 ہزار میں گھر کا چولہا نہیں جلا سکتے

فیڈر ٹیچرز کو جان بوجھ کر لاوارث رکھا جا رہا ہے یوں محسوس ہو رہا ہے کہ ہم اس ملک کے شہری ہی نہیں، روشن جمالی

**بچوں کے روزمرہ کے اخراجات برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتے، یہ ہمارے ساتھ ظلم اور زیادتی کے مترادف ہے**

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) فیڈر ٹیچرز ایسوسی ایشن جعفرآباد کے اساتذہ کو مستقل کر کے ان کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے مہنگائی کے اس دور میں ہم بارہ ہزار روپے کے اس تنخواہ پر اپنے گھر کا چولہا نہیں جلا سکتے تو دوسری جانب گزشتہ بائیس ماہ سے صوبائی حکومت نے ہماری تنخواہیں بند کر رکھی ہیں فیڈر ٹیچرز کو جان بوجھ کر لاوارث رکھا جا رہا ہے یوں محسوس ہو رہا ہے کہ ہم اس ملک کے شہری ہی نہیں ان خیالات کے اظہار نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ کے کنٹریکٹ اساتذہ یونین جعفرآباد کے ضلعی صدر روشن خان جمالی نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر دیگر اساتذہ ظفر اللہ مینگل نیاز محمد عبدالخالق لاشاری امیر بخش یاسمین بی بی امان اللہ بھی ان کے ہمراہ تھے ان کا کہنا تھا کہ وہ گزشتہ بائیس برسوں سے بلوچستان کے مختلف علاقوں کے تعلیمی میدان میں اپنے خدمات سرانجام دے رہے ہیں 18 ویں ترمیم کے بعد ہماری خدمات وفاق سے صوبوں کو منتقل کیے گئے بدقسمتی سے فیڈر ٹیچرز آج بھی بارہ ہزار روپے تنخواہ وصول کر رہے ہیں اس مہنگائی کے دور میں ہمارے چولہے نہ صرف ٹھنڈے پڑے ہیں بلکہ ہم اپنے بچوں کے روزمرہ کے اخراجات برداشت کرنے کی سکت بھی نہیں رکھتے ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ہمارے ساتھ ظلم اور زیادتی کے مترادف ہے ان کا مزید کہنا تھا کہ صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہماری تنخواہیں دیگر صوبوں کے فیڈر ٹیچرز کے برابر کی جائیں

# سریاب روڈ کا توسیعی منصوبہ شیطان کی آنت بن گیا، رہائشیوں کو شدید مشکلات

چھ کلومیٹر طویل سڑک کی تعمیر گزشتہ پانچ چھ سال سے مکمل نہیں ہو رہا، عبداللہ شاہوانی، عطاء اللہ بلوچ و دیگر کی مشرق سے گفتگو

**سریاب مل، بی ایف ہاؤسنگ کے قریب گڑھے کی بھرائی نہ ہونے سے پچھلے آٹھ ماہ سے غریب دکانداروں کا روزگار متاثر ہے**

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) سریاب روڈ کا توسیعی منصوبہ شیطان کی آنت بن گیا ہے مکمل ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا، سریاب مل، بی ایف ہاؤسنگ کے قریب ایک گڑھے کی بھرائی نہ ہونے سے پچھلے آٹھ مہینوں سے غریب دکانداروں کا روزگار متاثر ہے، مذکورہ گڑھا بھرا جائے اور منصوبے کی جلد از جلد تکمیل یقینی بنائی جائے۔ ان خیالات کا اظہار سریاب روڈ کے رہائشیوں عبداللہ شاہوانی، محمد راشد، ثناء اللہ، عطاء اللہ بلوچ، بلال شاہوانی، انور لہڑی و دیگر نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ محض چھ کلومیٹر طویل سڑک کی تعمیر گزشتہ پانچ چھ سال سے مکمل نہیں ہو رہا، سریاب مل بی ایف ہاؤسنگ کے قریب مین روڈ کے ساتھ زیر تعمیر سروس روڈ پر دس فٹ چوڑا اور پانچ فٹ گہرا گڑھا گزشتہ آٹھ مہینوں سے کھلا پڑا ہے جہاں تقریباً پچاس سے ساٹھ دکانیں موجود ہیں۔ ان میں زیادہ تر دکانیں موٹر سائیکل اور رکشہ مکینک، پنکچر شاپس، اور دیگر چھوٹے کاروبار سے وابستہ غریب لوگوں کی ہیں انہوں نے کہا کہ یہ ناقص منصوبہ بندی اور نالائق ٹھیکیداری کی بدترین مثال ہے۔



# خضدار ٹیچنگ ہسپتال میں بنیادی سہولتوں کا فقدان

**ہسپتال کھنڈرات میں تبدیل، علاج ومعالجہ کی کوئی بھی موجود نہیں، ہسپتال بھوت بنگلہ کا منظر پیش کرنے لگی ہے، رپورٹ**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار کے لاکھوں نفوس مشتمل شہر کے ضلعی ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال میں دوائیوں سمیت صحت کی بینادی سہولتوں کا فقدان ہے ہسپتال کھنڈرات میں تبدیل علاج ومعالجہ کی کوئی بھی سہولتیں موجود نہیں ہے لاکھوں کی آبادی والے شہر کے ہسپتال بھوت بنگلہ کا منظر پیش کرنے لگی ہے مریضوں کا کوئی پرسان حال نہیں سرکاری ہسپتال میں ادویات کی قلت غریب لاچار بیکس مریض رل گئی ہے تفصیلات کے مطابق خضدار بلوچستان کا دوسرا بڑا شہر ہے پورے ضلع خضدار کا ایک واحد ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال ہے وہ بھی عدم توجہی کا شکار ہو کر کھنڈرات میں تبدیل ہو چکی ہے مریضوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہسپاسپتل بھوت بنگلہ کا منظر پیش کر رہی ہے مریضوں ہسپتال سے ایک سرنج، پیناڈول کی گولی تک میسر نہیں ہے اس دور مہنگائی میں غریب مریض بازار سے دوائیاں خریدی جاتی ہے محکمہ صحت کی جانب سے دوائیوں کا کوٹہ کو بڑھائی جائے ایک میڈیا سروے رپورٹ کے مطابق ضلع کا واحد ہسپتال لاوارث ہے یہاں کے عوامی نمائندگان صرف بینک بیلنس بڑھانے کی چکر میں لگی ہوئی ہے ہسپتال تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے ایک طرف علاج ومعالجہ کی سہولتیں ناپید ہے دوسری طرف صفائی کی صورتحال ناقص اور صحت مند انسان ہسپتال کے اندر جا کر بدبوگندگی کی وجہ سے مریض بن جاتی ہے ہسپتال بھوت بنگلہ کا منظر پیش کرنے لگی ہے ان پر کوئی توجہ دینے والا نہیں ہے ہسپتال کے متعلق عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ محکمہ صحت خضدار کے واحد ہسپتال میں سہولتیں فراہم کیے جائے ہسپتال میں ایکسریشین، الٹراساؤنڈ، ملیریا اور ٹائیفائیڈ کی ٹیسٹیں بھی غریب لوگ باہر سے پرائیویٹ لیبارٹریوں سیکروائی جاتی ہے ہسپتال کا عملہ صرف مفت تنخواہیں وصول کی جا رہی ہے اور عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، سیکریٹری صحت بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع خضدار کیواحد ہسپتال پر توجہ دیکر عوام کو صحت کی بینادی سہولتیں اور علاج ومعالجہ کی تمام ضروری آلات مہیا کیے جائیں تاکہ غریب عوام اس دور مہنگائی میں دیگر شہروں میں جانے کی ٹھوکریں کھانے سے بچ جائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 05 FEB 2025

Page No. 20


## زرعی ٹیکس کا ملک بھر میں نفاذ

پیر کے روز سندھ اور بلوچستان اسمبلیوں سے منظور کردہ قوانین کی صورت میں ایک طرف زرعی آمدن پر ٹیکس پورے پاکستان میں نافذ ہوگیا، دوسری جانب بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی اہم شرط بھی پوری ہوگئی۔ واضح رہے کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں سے زرعی انکم ٹیکس قوانین کی منظوری کے بعد مذکورہ دونوں صوبے پہلے ہی زرعی انکم ٹیکس کی زد میں آچکے ہیں۔ اب بلوچستان اور سندھ اسمبلیوں سے منظور کیے گئے قوانین کی صورت میں پورے ملک کا زرعی شعبہ آمدن ٹیکس کی زد میں آچکا ہے۔ سندھ اسمبلی سے متفقہ طور پر منظور قانون کے تحت سالانہ 6لاکھ روپے تک زرعی آمدن ٹیکس سے مستثنیٰ قرار، جبکہ سالانہ 56لاکھ سے زائد زرعی آمدنی پر زیادہ سے زیادہ ٹیکس کی شرح 45فیصد ہوگی۔ پروگریسیو سپر ٹیکس بھی متعارف کرایا گیا جس کے تحت سالانہ 15 کروڑ روپے تک آمدن پر سپر ٹیکس لاگو نہیں ہوگا۔ سالانہ 50 کروڑ روپے سے زائد آمدن پر زیادہ سے زیادہ 10فیصد سپر ٹیکس عائد ہوگا۔ چھوٹی کمپنیوں کی زرعی آمدن پر 20فیصد جبکہ بڑی کمپنیوں کیلئے ٹیکس کی شرح 28فیصد مقرر کی گئی۔ زرعی ٹیکس سندھ ریونیو بورڈ جمع کریگا۔ صوبائی وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ کا کہنا ہے کہ قانون منظور نہ کرتے تو آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدہ متاثر ہوتا، ہمارا ملک زرعی ملک ہے، خدشات ہیں کہ زمینداروں کو بہتر آمدن نہ ملی تو وہ کوئی اور کاروبار کرینگے۔ صوبائی وزیراعلیٰ کی ان باتوں کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے وفاق اور صوبوں کو مل کر ایسی حکمت عملی بنانی چاہئے جسکے تحت زرعی پیداوار بڑھانے کی ترغیبات اور سہولتیں بڑھیں۔ ایسے حالات میں، کہ اس برس سردیوں میں خشک سالی کے باعث پیداوار متاثر ہوئی، ہنگامی اقدامات اور زراعت کے جدید طریقے بروئے کار لانے کی ضرورت بڑھ گئی ہے۔ ملک کو قحط سالی سے بچانے کی تدابیر غذائی ضروریات پوری کرنے اور معیشت کو ابتری سے بچانے کا لازمہ ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 05 FEB 2025 Page No. 21


## یوم یکجہتی کشمیر اور عالمی ضمیر: بھارتی مظالم کا سلسلہ کب ختم ہوگا؟

بلوچستان سمیت ملک بھر اور پوری دنیا میں آج یوم یکجہتی کشمیر منایا جارہا ہے۔ بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں وکشمیر میں ظلم، بربریت اور سفاکیت کا جو سلسلہ گزشتہ ساڑھے سات عشروں سے جاری ہے عالمی برادری کی توجہ اس جانب مبذول کرانا اور عالمی ضمیر کو جھنجھوڑنے کی کوشش اس دن کے منانے کا بنیادی مقصد ہے آج کے دن کی مناسبت سے وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز کابینہ اجلاس میں بھی اظہار خیال کیا اور کہا کہ آج پوری قوم کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا بھرپور مظاہرہ کرے گی اور یوم یکجہتی کشمیر قومی جذبے کے ساتھ منایا جائے گا آزادی کی تحریک میں ہم کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہیں اور خیبر سے کراچی تک پاکستان کے عوام کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں ادھر وفاقی وزیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے گزشتہ روز آل پارٹیز حریت کانفرنس کے کنوینئر غلام محمد صفی، وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے امور کشمیر شبیر احمد عثمانی، سینئر حریت رہنما فاروق رحمانی اور پارلیمانی سیکرٹری برائے امور کشمیر انوار الحق کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج پوری پاکستانی قوم یوم یکجہتی کشمیر بھرپور انداز میں منائے گی، اندرون و بیرون ملک مقیم پاکستانی اپنے کشمیری بھائیوں سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کریں گے، یوم یکجہتی کے حوالہ سے ملکی سطح پر متعدد پروگرام ترتیب دیئے گئے ہیں، پوری قوم ایک بار پھر کراچی سے خیبر تک یوم یکجہتی کشمیر منارہی ہے، پاکستان کے عوام ہر سال یوم یکجہتی کشمیر روایتی جوش و جذبے سے مناتے ہیں، اس موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لئے ملک بھر میں خصوصی تقریبات کا انعقاد اور ریلیاں نکالی جائیں گی انجینئر امیر مقام نے کہا کہ پاکستان اور کشمیریوں میں دائمی رشتہ ہے، کشمیریوں کی غیر متزلزل حمایت ہمارے منشور کا حصہ ہے، بھارتی فورسز کا کشمیریوں پر ظلم انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، کشمیر کے مسئلے کو طاقت سے حل نہیں کیا جاسکتا، کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی، سیاسی حمایت کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے لئے بھرپور اقدامات اٹھارہے ہیں۔ پاکستان کا یہ اصولی موقف ہے کہ مسئلہ کشمیر کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق اقوام متحدہ کی قراردادوں کے تحت حل ہونا چاہئے، پاکستان نے بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر کے آزادی پسند عوام کی جائز جدوجہد کی طویل عرصہ سے حمایت کی ہے جو اس بات کا مظہر ہے کہ پاکستان میں حکومتوں کی تبدیلی کے باوجود مسئلہ کشمیر پر پوری قوم کا موقف ایک ہے۔ 5 اگست 2019 کو بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر کو خصوصی حیثیت دینے والے بھارتی آئین کے آرٹیکل 370 اور 35 اے کے خاتمے کے بعد بھارت کشمیر میں مسلمانوں کی آبادی کے تناسب کو تیزی سے تبدیل کررہا ہے، اس مقصد کے لئے بھارت کی حکومت نے علاقے میں بھارتی قوانین کا اطلاق بھی عمل میں لایا ہے۔ بھارتی حکومت کے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اقدام کے بعد جموں وکشمیر میں ہزاروں افراد کو گرفتار کرکے جیلوں میں ڈالا گیا، حریت کانفرنس کی پوری قیادت اور آزادی پسند کارکنوں کو فرضی مقدمات میں جیلوں، عقوبت خانوں اور گھروں میں نظر بند کیا گیا ہے، کشمیری عوام بھارتی حکومت کے 5 اگست 2019 کے غیر آئینی اقدام کا مقصد جموں وکشمیر میں مسلمانوں کی آبادی کا تناسب کم کرنا اور بھارتی باشندوں کو آباد کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے کشمیر کے مسئلے پر پاکستانی قوم کا اصولی اور تاریخی موقف ہے جس پر قائداعظم سے لے کر آج تک پاکستانی قوم اور مسلمانان جموں وکشمیر قائم ہیں، وہ اس پر کسی انحراف یا سمجھوتے کا تصور بھی نہیں کرسکتی۔ وفاقی وزیر نے بالکل بجا کہا ہے اور عین حقیقت بھی یہی ہے کہ پاکستان نے روز اول سے مسلمانان جموں وکشمیر کی حمایت کی ہے اور یہ حمایت حق اور سچ کی حمایت ہے مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام جو اپنا حق خودارادیت مانگ رہے ہیں وہ ان کا بنیادی اور اقوام متحدہ کے چارٹر میں بھی تسلیم کیا گیا ایک ایسا حق ہے جو بھارت نہیں دے رہا اور الٹا کشمیری مسلمانوں پر ظلم وجبر کا بازار گرم کئے ہوئے ہے بھارت ضد، ہٹ دھرمی، جنونی پن کی انتہاء پر پہنچا ہوا ہے اس نے پون صدی سے مقبوضہ وادی میں ظلم وجبر کا جو بازار گرم کررکھا تھا مودی سرکار کے آنے کے بعد اس میں نت نئے ابواب کا اضافہ کیا ہے ایسا ہی ایک سیاہ باب بھارت نے پانچ اگست دو ہزار انیس کو اس طرح رقم کیا کہ ایک طرف مقبوضہ جموں وکشمیر کی الگ اور امتیازی حیثیت ختم کی وہاں دوسری جانب مسلمانوں کی آواز دبانے کے لئے مقبوضہ وادی کو عملاً دنیا کی سب سے بڑی انسانی جیل میں بدل کررکھ دیا ہے ظلم، جبر، بربریت، وحشی پن اپنے انتہاء پر ہے اور نہ صرف مقبوضہ کشمیر بلکہ مجموعی طور پر اگر دیکھا جائے تو بھارت ہمیشہ سے اس خطے کے امن، ترقی اور استحکام کے برخلاف سازشوں اور ریشہ دوانیوں میں مشغول ومصروف رہا ہے آج پوری قوم کشمیری مسلمانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے یوم یکجہتی کشمیر اس عزم کی تجدید کے ساتھ منائے گی کہ کشمیریوں کی ان کے ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کی منصفانہ جدوجہد کی حمایت کی جائے بھارت نے کشمیری عوام کی امنگوں کے خلاف ستائیس اکتوبر انیس سو سینتالیس سے بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ ہمالیائی متنازعہ جموں کشمیر ریاست کے ایک بڑے حصے کو اپنے غیر قانونی اور جبری قبضے میں رکھا ہوا ہے۔ بھارت کشمیریوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا استعمال کررہا ہے جس میں ماورائے عدالت قتل، من مانی نظر بندیاں، جعلی مقابلے، محاصرے اور تلاشی کی کارروائیاں شامل ہیں کشمیر کا معاملہ ایک ایسا سلگتا مسئلہ بن چکا ہے جس کے حوالے سے اگر دنیا نے اب بھی سنجیدگی وفہمیدگی اور فراست وانصاف کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کو روکنے کی کوشش نہیں کی اور اس بابت بنا کردار ادا نہیں کیا تو اس کے انتہائی منفی اور مضر نتائج برآمد ہوں گے اور یہ ہمارے خطے ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے لئے بہت بڑا المیہ ہوگا مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کی داستان نئی نہیں بلکہ بہت پرانی ہے۔ بھارت نے مقبوضہ وادی میں ظلم، جبر، بربریت اور انسان دشمنی کا ہر حربہ آزمایا کشمیریوں کو طرح طرح سے تاراج کیا ان کے بزرگوں کو مقید کیا، نوجوانوں کا قتل عام کیا گیا خواتین کی عصمت دری، معصوم بچوں تک کو نہیں بخشا جو یقیناً اس عہد کا سب سے بڑا المیہ ہے یہ المیہ عالمی ضمیر کو جھنجھوڑتا رہے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 05 FEB 2025 Page No. 22

# Quetta's traffic nightmare

Quetta is grappling with a range of urban issues, including a deteriorating sewerage system, water shortages, a poor law and order situation, and, most notably, severe traffic congestion. The overwhelming traffic chaos has left citizens frustrated and exhausted. The city's roads and public transport system were originally designed for a much smaller population. However, with Quetta's population now exceeding three million, little has been done to upgrade the infrastructure. Public transport remains outdated and uncomfortable, discouraging people from using it. As a result, there has been a significant surge in auto-rickshaws and private vehicles, making it nearly impossible for the city's narrow roads to accommodate the growing traffic. This has led to prolonged traffic jams, causing immense inconvenience to commuters. Traffic congestion is a citywide problem, but certain roads—such as Sariab Road, Sabzal Road, Jinnah Road, Sirki Road, Jail Road, and Double Road—are particularly notorious. Many drivers dread using these roads, fearing they will be trapped in endless gridlock. Long queues of vehicles stretch across the city, with weary travelers waiting for even the slightest movement. The situation is even more dire for emergency services. Ambulances and other emergency vehicles frequently get stuck in traffic, preventing critical patients from reaching hospitals in time. This delay can have life-threatening consequences, highlighting the urgent need for a more efficient traffic management system. The primary causes of Quetta's traffic woes are its narrow roads, lack of a modern public transport system, and rampant violations of traffic rules. Successive governments have promised to launch a green bus service in the city, but unfortunately, the project remains unimplemented despite the fact that buses have already been purchased and are currently sitting unused in open spaces. Additionally, the government has begun widening major roads such as Sabzal Road, Sariab Road, and Sirki Road. However, the progress has been disappointingly slow, causing severe distress to motorists and residents in nearby areas. If the sluggish pace of construction continues, these crucial projects may take several more years to complete. To alleviate the worsening traffic crisis, the government must accelerate road expansion projects and prioritize their completion. It should also promptly introduce the green bus service while phasing out outdated local buses that are no longer suitable for public transport. Furthermore, traffic signals must be repaired, and authorities must take strict action against those violating traffic laws. Illegal rickshaws and unregistered vehicles should also be removed from the streets to ensure smoother traffic flow. Swift and effective action is essential to improving Quetta's traffic situation and providing much-needed relief to its citizens.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 05 FEB 2025 Page No. 23

# In pursuit of peace

In a significant display of unity, the Balochistan Assembly recently passed a resolution condemning the deteriorating law and order situation in the province. Led by the House's Leader, Mir Sarfaraz Bugti, the resolution underscores the seriousness of Balochistan's security issues, reflecting a common sentiment among lawmakers who are alarmed by the rise of violence and unrest. This decisive act signals not just a political stance, but a clarion call for peace and stability in a region plagued by turmoil and conflict. Balochistan has long faced challenges emanating from both internal strife and external conspiracies aimed at destabilizing Pakistan. The province has been the focal point of numerous violent incidents, with militants and insurgents resorting to guns and terror to voice their dissent. Bugti's remarks encapsulate the prevailing concern that these troubles are exacerbated by a coordinated effort to undermine national integrity a strategy that leverages violence and negative social media campaigns to shift public perception and incite chaos. The statement that "conspiracies are being made against Pakistan in a systematic way" is particularly poignant. It serves as a reminder that the fabric of society is threatened not only by armed conflict but also by the narratives being spun on social media that distort reality and fan the flames of conflict. This dual assault on peace necessitates a comprehensive approach to counter not just the physical threats to law and order but the psychological warfare being waged through misinformation and propaganda. What stands out in Bugti's address is the insistence on dialogue as a path to resolution. He aptly noted that "a lasting solution to problems can be found through dialogue," emphasizing the importance of negotiation over conflict. Yet, the reality remains that dialogue requires a willingness from all parties, a commitment to engage rather than escalate.

The irony is that those who resort to armed insurrection often turn a deaf ear to the appeals for conversation, instead resorting to tactics that only perpetuate cycles of violence. As he lamented the sadness brought on by incidents like the Kalat tragedy, Bugti pointed to the profound grief felt by the families of the victims, a grief that underscores the human cost of continued unrest. It is critical that the government, along with every stakeholder, acknowledges this pain, as it strengthens the resolve to seek peace rather than polarization. The loss of lives in conflicts such as these should never be politicized; rather, it should serve as a poignant reminder of the urgent need to restore stability. The unanimous passage of the resolution is a powerful statement. It highlights a collective rejection of violence and an affirmation of the state's importance over political differences. Bugti's assertion that "this country cannot be broken through violence" resonates deeply, emphasizing the resilience of the Pakistani state despite ongoing challenges. In a time when divisive rhetoric can easily take root, the assembly's solidarity is a beacon of hope, demonstrating that leaders can rise above partisanship to prioritize the greater good.

Balochistan Assembly's resolution is more than an official statement; it is a commitment to fight against conspiracies that seek to dismantle the peace and stability of the region. It calls for a united front against lawlessness and advocates for dialogue as the only sustainable way forward. As Pakistan continues to grapple with security challenges, fostering unity and resilience through open dialogue and targeted actions will be critical. The citizens of Balochistan deserve peace, and their leaders must strive relentlessly to secure it.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 05 FEB 2025 Page No. 24

# یوم کشمیر اور کشمیری عوام کی جدوجہد

تحریر: وقاص شاہین

5 فروری کو پاکستان میں یوم کشمیر کے طور پر منایا جاتا ہے۔ یہ دن مقبوضہ کشمیر میں بھارتی افواج کے مظالم کے خلاف عالمی سطح پر آواز بلند کرنے اور کشمیری عوام کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔ کشمیر دنیا کے ان خطوں میں سے ایک ہے جہاں پر امن عوام کو طویل عرصے سے ظلم و جبر کا سامنا ہے۔ بھارت نے 1947ء سے ہی کشمیر پر ناجائز قبضہ جما رکھا ہے، اور وہاں کے عوام کو ان کے بنیادی انسانی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے۔ 5 فروری کا دن پاکستان سمیت دنیا بھر میں کشمیریوں کے حق خودارادیت کی جدوجہد کو یاد کرنے اور ان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔ اور پاکستان بالخصوص بلوچستان کے عوام اپنے غیور اور ظلم کے شکار کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ کشمیر کی جدوجہد صرف ایک علاقے کی آزادی کی کہانی نہیں، بلکہ یہ انسانی حقوق، انصاف اور خودمختاری کی عالمی جنگ کا حصہ ہے۔ بھارتی افواج نے کشمیر میں لاکھوں افراد کو شہید کیا ہے، ہزاروں خواتین کی عصمتیں لوٹی گئی ہیں، اور نوجوانوں کو لاپتہ کر دیا گیا ہے، بنیادی انسانی حقوق جن میں صحت، تعلیم، آمد و رفت سمیت دیگر اہم ضرورت کی فراہمی کو سلب کیا گیا ہے۔ یہ مظالم عالمی برادری کی خاموشی کے سائے میں جاری ہیں جو کہ اس ظلم کو مزید تقویت دینے کے مترادف ہے۔ پاکستان ہمیشہ سے کشمیری عوام کا حق خودارادیت کا حامی رہا ہے اور بین الاقوامی فورمز پر کشمیر کے مسئلے کو اجاگر کرتا رہا ہے۔ واضح رہے کہ کشمیر کا مسئلہ صرف پاکستان اور بھارت کے درمیان تنازعہ نہیں، بلکہ یہ انسانی حقوق کا ایک بھیانک عالمی مسئلہ ہے۔ اقوام متحدہ کی متعدد قراردادوں کے باوجود، کشمیری عوام کو اب تک اپنے حق خودارادیت سے محروم رکھا گیا ہے۔ بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں اپنی فوجی موجودگی کو مزید بڑھا دیا ہے، اور وہاں کے عوام پر ظلم و تشدد کے نئے باب لکھے جا رہے ہیں۔ 5 اگست 2019ء کو بھارت نے کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر کے اسے اپنے اندر ضم کرنے کی ناجائز کوشش کی، جس کے بعد سے وہاں کے حالات مزید خراب ہو چکے ہیں جو کہ کشمیری عوام کو سنگین مسائل اور مصائب کا سامنا کر پڑ رہا ہے انکی جداگانہ حثیت کو ختم اور ہندو مذہبی رجعت پسندی کو فروغ دینے سمیت ہندوؤں کو آباد کر کے مسلمانوں کو اقلیت میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔ بطور بلوچستان کے عام شہری کے یوم کشمیر پر ہمیں نہ صرف کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنا چاہیے، بلکہ عالمی برادری کو بھی اس مسئلے پر اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 05 FEB 2025

Page No. 25


# ساؤتھ بلوچستان پیکیج کے تحت تربت تا مند ردیگ باڈر روڈ کی تعمیر: ترقی کی جانب ایک سنگِ میل

بلوچستان کے ضلع کیچ، جو اپنی جغرافیائی اہمیت اور وسیع رقبے کی بنا پر مشہور ہے، نہ صرف آبادی کے لحاظ سے صوبے کا دوسرا بڑا ضلع ہے بلکہ ایران کے ساتھ طویل سرحدی پٹی ہونے کی وجہ سے معاشی اور تجارتی اہمیت بھی رکھتا ہے۔ ضلع کیچ کی آبادی لاکھوں نفوس پر مشتمل ہے، مگر سفری سہولیات کی عدم موجودگی اور دور دراز علاقوں کو مرکزی مقامات سے نہ جوڑنے کی وجہ سے یہاں کے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔

ساؤتھ بلوچستان پیکیج: پس منظر اور اہمیت


بلوچستان کے پسماندہ اضلاع کی ترقی کے لیے وفاقی حکومت نے 2020 میں "ساؤتھ بلوچستان پیکیج" کا اعلان کیا، جس کا مقصد ان علاقوں میں بنیادی ڈھانچے، تعلیم، صحت، اور دیگر شعبوں کی ترقی کو فروغ دینا تھا۔ اس پیکیج کے تحت سڑکوں کا جال بچھانے، صحت کے مراکز قائم کرنے، اور تعلیمی اداروں کو ترقی دینے کے منصوبے شامل ہیں۔ ان منصوبوں میں ایک اہم اور قابل ذکر منصوبہ "تربت تا مند ردیگ باڈر روڈ" کی تعمیر ہے، جو ضلع کیچ کے عوام کے لیے ایک انقلابی قدم ثابت ہوگا۔

منصوبے کا آغاز اور افتتاحی تقریب۔ تربت تا مند روڈ کے منصوبے کا افتتاح 20 دسمبر 2024 کو ایک شاندار تقریب کے دوران کیا گیا، جس کے مہمانِ خصوصی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی تھے۔ اس موقع پر سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، میر ظہور احمد بلیدی، میر اصغر رند، حاجی برکت بلوچ، مینا مجید، اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ عوام، سیاسی رہنماؤں، اور علاقائی عمائدین کی بڑی تعداد بھی اس تقریب میں موجود تھی۔

وزیر اعلیٰ کو منصوبے کی تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا گیا کہ اس سڑک کی کل لمبائی 115 کلومیٹر ہے اور اس کی تعمیر پر 19.50 ارب

## چاکر بلوچ انفارمیشن آفس تربت

روپے لاگت آئے گی۔ ایف ڈبلیو او (فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن) کو تین سال کے مدت میں اس منصوبے کی تعمیر کی ذمہ داری دی گئی ہے، جو ملک کے معروف تعمیراتی اداروں میں شمار ہوتا ہے۔



منصوبے کی تفصیلات اور اہمیت

یہ منصوبہ تربت کو مند اور ردیگ باڈر کے ذریعے ایران سے جوڑتا ہے۔ اس کے اہم پہلو درج ذیل ہیں:

.1 *سفری سہولیات کی بہتری:

یہ سڑک تربت کے مرکزی شہر کو مند، تمپ، اور ردیگ باڈر سے جوڑے گی، جس سے نہ صرف سفر کا دورانیہ کم ہوگا بلکہ لوگوں کو ایک محفوظ اور بہتر سفری سہولت میسر آئے گی۔



.2 *تعلیمی سہولیات تک رسائی:*

مند کے طلبہ و طالبات کو تربت یونیورسٹی اور مکران میڈیکل کالج تک آسان رسائی حاصل ہوگی، جو تعلیمی ترقی کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ ماضی میں سفری مشکلات کی وجہ سے طلبہ کو تعلیم حاصل کرنے میں دشواری پیش آتی تھی، لیکن اس منصوبے کی تکمیل کے بعد یہ مسائل ختم ہو جائیں گے۔

.3 *معاشی فوائد:

مند ایک زرعی علاقہ ہے، جہاں زمیندار اپنی فصلوں کو منڈیوں تک پہنچانے میں مشکلات کا سامنا



کرتے تھے۔ اس سڑک کی تعمیر کے بعد مقامی زمیندار اپنی زرعی پیداوار کو تربت، مکران، اور کراچی کی منڈیوں تک آسانی سے پہنچا سکیں گے، جس سے ان کی معاشی حالت بہتر ہوگی۔

.4 *تجارت اور بارڈر ٹریڈ:

مند ردیگ باڈر کی فعالیت سے نہ صرف مقامی تجارت کو فروغ ملے گا بلکہ ایران کے ساتھ قانونی تجارت کے مواقع بھی بڑھیں گے۔ یہ منصوبہ بارڈر ٹریڈ کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرے گا، جس سے مقامی کاروباری طبقہ مستفید ہوگا۔



.5 *سیاحت کا فروغ:*

یہ سڑک علاقے میں سیاحت کو فروغ دینے میں بھی معاون ہوگی۔ مند اور تربت کے قدرتی حسن، تاریخی مقامات، اور ثقافتی ورثے تک سیاحوں کی رسائی آسان ہو جائے گی، جو مقامی معیشت پر مثبت اثر ڈالے گی۔

وزیر اعلیٰ کا خطاب اور اقدامات

افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ منصوبہ نہایت اہمیت کا حامل ہے اور اس کی تکمیل میں کسی قسم کی تاخیر یا معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایف ڈبلیو او جیسے معتبر ادارے کی خدمات سے یہ منصوبہ معیاری انداز میں مکمل ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس منصوبے کی نگرانی چیف سیکرٹری بلوچستان کی سربراہی میں ایک خصوصی کمیٹی کرے گی اور کوشش کی جائے گی کہ تین سال کے بجائے یہ منصوبہ دو سال میں مکمل ہو۔ اس منصوبے کے لیے ابتدائی طور پر پانچ ارب روپے جاری کیے گئے ہیں، اور کام تیزی سے جاری ہے۔

*علاقے پر اثرات*

.1 *معاشرتی ترقی:* یہ منصوبہ مند اور دیگر قریبی علاقوں کی ترقی کے دروازے کھولے گا، جہاں کے لوگ اب تک سفری مشکلات، اور بنیادی سہولیات کی کمی کا شکار تھے۔

.2 *تعلیمی انقلاب: نوجوان نسل کو تربت کے اعلیٰ تعلیمی اداروں تک رسائی حاصل ہوگی، جو علاقے کی تعلیمی ترقی کے لیے ایک انقلابی قدم ہوگا۔

.3 *روزگار کے مواقع: * تعمیراتی کام کے دوران مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے گئے ہیں، جبکہ اس منصوبے کی تکمیل کے بعد بھی کاروبار اور تجارت میں اضافے کی وجہ سے مزید روزگار پیدا ہوگا۔

* چیلنجز اور امیدیں * بلوچستان کے بعض علاقوں میں امن و امان کی صورتحال ترقیاتی منصوبوں میں رکاوٹ بن سکتی ہے، لیکن حکومت اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ ان مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے۔

نتیجہ * تربت تا مند ردیگ باڈر روڈ کی تعمیر ساؤتھ بلوچستان پیکیج کے تحت ایک اہم اقدام ہے، جو نہ صرف ضلع کیچ بلکہ پورے بلوچستان کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ یہ منصوبہ سفری سہولیات، تعلیم، تجارت، اور زراعت میں بہتری کے ساتھ ساتھ عوام کی زندگی میں مثبت تبدیلیاں لائے گا۔ اگر یہ منصوبہ بروقت اور معیاری انداز میں مکمل ہوتا ہے تو یہ بلوچستان کے عوام کے لیے ایک روشن مستقبل کی بنیاد بنے گا۔

☆☆☆

CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 05 FEB 2025 Page No. 26



# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 05 FEB 2025 Page No.______



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں